باپ ـ جب سے دنیا کو چھوڑا قبر کي حوالات مین هون تنہائي سے جي گھبراتا هي انجام کار معلوم نہین شبانہ روز اسي اندیشے مین پڑا گھُلتا هون ـ حوالات مین مجھکو اسقدر ایذا هي کہ بیان نہین کر سکتا مگر صبح و شام هر روز آتے جاتے جیلخانے کے پاس سے هوکر گذرنا هوتا هي دوزخ وهي هي وهان کي تکلیفات دیکھکر اور سنکر هوش اُڑتے جاتے هین اور غنیمت معلوم هوتا هي کہ اي کاش همیشہ کیواسطے اسي حوالات مین رهنے کا حکم هو جاتا

بیٹا ـ پھر هنوز آپ کا مقدمہ پیش نہین هوا

باپ ـ خدا نکرے کہ پیش هو جو دن حوالات مین گذرتا هي غنیمت هي ـ اول اول جب مین حوالات مین آیا تو اعمالنامہ مجھکو حوالہ کر دیا گیا پس اُسیکو دیکھا کرتا هون اور انجام کار سے ڈرا کرتا هون نجات کي کوئي تدبیر سمجھ مین نہین آتي

بیٹا ـ بھلا کسي طرح هم لوگ آپ کي اس مصیبت مین کام آ سکتے هین

باپ ـ اگر میرے لئے عاجزي اور خلوص کے ساتھ دعا کرو تو کیا عجب هي کہ مفید هو ابھي میرے همسایہ مین ایک شخص کي رهائي هوئي هي اُسپر بھي بہت سے الزام تھے مگر جہان الله تعالی مین کامل درجے کا انصاف هي رحم بھي پرلے هي مرے کا هي اُس شخص کے پس ماندون نے اُسکے واسطے بہت زارنالي کي تو پرسون یا اترسون اُسکو بلاکر [129]ارشاد فرمایا کہ تیرے افعال جیسے تھے وہ اب تجھپر مخفي نہین رهے مگر همارے کئي بندے تیري معافي کیواسطے همارے حضور مین گڑگڑائے هین اور وہ تیرے هي زن و فرزند هین همکو تیري یهي ایک بات بھلي معلوم هوتي هي کہ

supplied from the preceding sentence.

[129] *Irshâd-farmâyâ.* The agent of this verb is *allah ta'âla,* to be

تونے اپنے خاندان مین نیکي اور دینداري کا بیج بویا جا همیے تیري خطا معاف کي ۔ بیتا سچ کهنا تم لوگون نے بهي کبهي میرے حق مین دعاے خیر کي هي

بیتا ۔ جناب آپ کے انتقال کے بعد رونا پیتنا تو بهت کچهه هوا اور اب تك اس شد و مد کے ساتهه هوتا هي که گویا آپ نے ابهي انتقال فرمایا هي اور یهه رونا تو هم لوگون کے دم کے ساتهه هي آپکي عنایتین آپ کي شفقتین جب تك جئین گے یاد کرینگے رسم دنیا کے مطابق [130] آپکا کهانا بهي برادري مین تقسیم کر دیا هي [131] لوگ شاید میرے منهه پر خوشامد سے کهتے هون مگر کهتے تهے که اس مهنگے سمے مین باپ کا کهانا اچها کیا دعا کے بارے مین غلط بات کیونکر عرض کرون اهتمام نهین هوا آپ کے بعد ترکه و میراث کے ایسے جهگڑے پڑ گئے که آج تك نهین سلجهے ۔ مگر یهه تو فرمائیے که آپ تو صوم و صلوة کے بڑے پابند تهے کیا اعمال وافعال کچهه بهي کام نه آئے

باپ ۔ کیون نهین ۔ یهه اُنهین اعمال کي بدولت هي که تم مجهکو اس حالت مین دیکهتے هو ورنه بهتیرے مجهسے بهي زیاده

---

ground that it is the "*hál-e-mutashakki*" of native grammarians; but *mutashakki* (root شکو) means 'complaining,' and has nothing to do with 'potential.' The term used by Mahomed Ahsan, Siva Prasád, and the best recent writers is *hál-i-mashkúk* (root شك), 'present dubious,' which suits the circumstances. Kellogg has adopted 'contingent imperfect' as the designation of this tense consistently with his view of the aorist, or *muzárí*, as a 'contingent future.' See Note 58 above, for the 'past dubious.'

[130] *Áp ká khána.* "When death occurs in a Mussulman family, the survivor provides dinners on the third, seventh, and fortieth days succeeding, in memory of the deceased person: these dinners are sent in trays to the immediate relatives and friends of the party." — *Mrs. Meer Hassan Ali's Letters,* vol. i. 100.

[131] *Log sháyad mere munh par khushámad se kahte hon,* 'perhaps people may be saying it to my face for flattery.' *Kahte hon.* This tense is called 'present potential' by Platts, § 195, on the

تکلیف مین هین حوالات مین جیلخانے کي سي ایذا هي مگر یہان
اعمال مین خلوص نیت شرط هي مین نے اپنے اعمال کو آکر دیکھا
تو اکثر جیسے جھوٹے موتي کھوٹے روپئے ـ نمازین بے حضور قلب
اکارت گئین اور روزے چونکہ پابندي رسم کے طور پر رکھنے کا اتفاق
هوتا تھا خالي فاقے کے شمار مین در آئے

بیٹا ـ پھر اس دربار مین کچھ سعي سفارش کا دخل نہین

باپ ـ استغفر الله کوئي کسیکي بات تو پوچھتا هي نہین [132] نفسي
نفسي پڑي هي ـ هر شخص اپني بلا مین مبتلا اور اپني مصیبت
مین گرفتار هي دوسرے کي نجات تو کوئي کیا کرائیگا [133] پہلے آپ تو
سرخرو هو لے

بیٹا ـ کیون جناب یہہ شرک و کفر کا الزام آپ پر کیسا هي [134] هم
لوگ تو خیر سارا شہر آپ کے اتقا کا معتقد تھا کیا آپ خدا کے قائل
نہ تھے

باپ ـ قائل تو تھا دل سے معتقد نہ تھا

بیٹا ـ جناب آپ کے تمام اعمال ظاهر سے مستنبط هوتا تھا کہ
آپکو خداے کریم کے ساتھ بڑي راسخ عقیدت هي

باپ ـ وہ تمام عقیدت معلوم هوا کہ [135] اوپري دل سے تھي جب
اول اول میرا اظہار لیا گیا تو پہلا سوال مجھسے یہي پوچھا گیا تھا کہ
تیرا رب کون هي چونکہ مرتے وقت مجھکو ایمان کي تلقین کي گئي
تھي مین نے جواب دیا کہ [136] الله وحدہٗ لا شریک لہ ـ تب اُسپر جرح

---

[132] *Nafsî nafsî parî hai.* This corresponds to our expression, 'it is a case of everyone for himself.'

[133] *Pahle âp to surkh-rû ho-le* (or *ho-jâe*), 'let a man be acquitted himself, or secure his own acquittal, in the first instance.'

[134] *Ham log. to khair,* &c.—a form of anacolouthon common in most languages; 'we—well, I may say the whole city was persuaded of your piety.'

[135] *Upari dil se,* 'on the surface of the heart only'—not a genuine sentiment.

[136] From the Qoran: 'God is one: He has no associate.'

کیا گیا کہ بھلا جب تو دکھن کي نوکري مے برخاست ھوکر گھر آیا اور مدت تك خانہ نشین رھا اور جو کچھہ تو نوکري پر مے کماکر لایا سب صرف ھو گیا اورتو [137]نان شبینہ کو محتاج ھوکر نوکري کي جستجو مین ادھر اُدھر پھرتا تھا اور مضطر ھو ھوکر ھمسے دعائین مانگتا تھا مگر ھم تیرا صبر و استقلال آزمانے کے لئے تیرے [138]مدّعا کو [139]حَیزالتوا مین ڈالے ھوئے تھے اور ایك انگریز حاکم ضلع نے کہ وہ بھي مثل تیرے ھمارا بندہ تھا ھمارے ایما مے تیري پرورش کا وعدہ کیا مگر ھمنے تجھپر اپنے ایما کو ظاھر نہین ھونے دیا اور تو یھي سمجھا کہ وہ تیري ھي کوشش کا نتیجہ تھا پیچ بتا کہ تجھکو اُس انگریز کے دعدۂ زباني کا زیادہ آسرا تھا یا ھماري تحریري تمسك ـ [140]وَمَامِنْ دَابَّةٍ فِي الاَرْضِ اِلَّا عَلَيَ اللّٰهِ رِزْقُھَا ـ کا

اگر تو ھمکو صمیم قلب سے حاضر و ناظر سمیع و بصیر و قادر جانتا تھا تو گناہ پر تجھکو کیونکر جسارت ھوتي تھي ـ تو بھولکر کبھي بھاڑ مین تو نہین کودا [141]کبھي کھولتے پاني مین تو تونے ھاتھ نہین

[137] *Nân-i-shabina ko mohtâj*, 'in want of a dry crust,' lit. a bit of last night's bread. The usual construction is *kâ* not *ko*, but *ko* is undoubtedly a colloquial usage. Our expression, 'hard put to it *for* a meal,' is somewhat similar.

[138] *Mudda'â*, lit. 'what is prayed for,' 'request,' &c. Past part., form viii. from the root دعا 'to pray,' in which the characteristic *t* coalesces under *tashdîd* with the first radical, *d*. The noun of action *iddi'â*, 'demand' or 'claim,' which belongs to this same form, will be found in Ch. X. 24.

[139] *Hayyiz-i-iltiwâ*, 'the region of delay.'

[140] From the Qoran: "There is no animal on earth but God provides food for it." Note the position of the genitive particle after the quotation. The governing noun is *âsrâ*.

[141] *Kabhî khaulte pânî men*, &c. These clauses are an aid to the explanation of what is called in a Memorandum published in 1883 by the Civil Service Commissioners "the great stumbling-block to beginners," viz. "the cases in *ne* and *ko*."

There is no real difficulty about the usage of *ne*; and as regards the usage of *ko*, the teaching of the Memorandum is that "the case in *ko* always points to a dis-

ڈالا کبھي جلتي ھوئي آگ کو تو نے مٹھي مین نہین لے لیا مگر تو
گناھون کا نہایت بیباکي سے مرتکب ھوتا تھا ضرور ھي کہ یا
تو تجھکو یقین نہ تھا کہ گناہ کي سزا آتش دوزخ ھي یا اگر یقین تھا
تو تو اُسکو دنیا کي آگ سے کمتر سمجھتا تھا

ھمنے تجھکو نیست سے ھست کیا اور خلعت انسانیت سے تجھکو

additional emphasis; and, as before, if it was desired to transfer the emphasis to *muthî*, we should have: *kabhî apnî muthî men tû ne jaltî hûî âg nahîn le-lî.*

Again, a few lines below we have the clause *Ham ne apne bande, jo tujhpar har trah kâ sharf rakhte the, ya'ni tere mân-bâp, terî khidmat-guzârî ko muqarrar ki'e.* Here *apne bande* is "distinctly objective," and carefully defined, and refers to "rational beings," and yet *ko* is withheld. Why? Because it is unnecessary.

Again, in the clause *ham ne 'aql ko terâ salâh-kâr banâyâ*, the object is "inanimate," "an abstract noun," and not "previously mentioned," and yet *ko* is added. Why? Because 'reason' is here distinguished as the appointed guide of man's life.

To conclude, the difficulty is one which has been unnecessarily exaggerated. All the student need bear in mind is (1) that proper names, titles and appellations require *ko*; (2) that in other cases *ko* may be used for the sake of distinctiveness, or by way of variation. Pincott well says (*Hindi Manual*, p. 82) "*ko* is not emphatic, it is merely distinctive." The student may further consult Ch. II. 89.

tinctly *objective* state of the noun."

Kellogg says that "the accusative with *ko* must be used when it is desired to emphasize the object as specific and individual" (§ 532), and he adds various qualifications of the general principle, which tend to establish the remark made by Platts—"much scope is allowed to individual judgment" (§ 346), except in certain well-defined cases.

Let us now examine the clauses in the text.

The point of the first clause is that the water is boiling, and therefore *khaulte pânî men* stands first by way of emphasis. The object *hâth* is thus thrown into proximity with the verb, and, there being no possibility of ambiguity or necessity for emphasis, *ko* is unnecessary, and the concord between the verb and object remains unbroken. If the emphasis had belonged to *hâth*, the clause would have run: *kabhî apne hâth ko tû ne khaulte pânî men nahîn dâlâ.* The point of the second clause is the heat of the live coal, or other burning object taken in the hand; consequently *jaltî hûî âg* stands first, with the objective particle *ko* by way of

سرفراز بنایا جو تجھکو درکار تھا سو دیا جسکا تو حاجتمند تھا سب مہیّا کیا هر حال مین تیرے حافظ هر کیفیت مین تیرے نگهبان رهے کیا اسیواسطے کہ تو کبھي بهولکر بهي هماري طرف توجہ نکرے اور همیشہ[142] اپني ڈیڑہ اینٹ کي مسجد همسے جدا رکھے

جب تو ایك مضغۂ گوشت تها ضعیف و لایعقل نادان و جاهل ــ ضعیف اتنا کہ نقل و حرکت پر قادر نهین نادان ایسا کہ خویش و بیگانے کا امتیاز نهین ــ همنے تجھکو دودھ پلوا پلواکر توانا کیا اور اپنے بندے جو تجھپر هر طرح کا شرف رکھتے تھے یعني تیرے مان باپ، تیري خدمتگزاري کو مقرر کئے اور اُنکے دلون مین تیري محبت ڈالدي کہ اُنهون نے همارے حکم سے تجھکو پالا پوسا اور تو روزبروز چونچال اور خوشحال هوتا گیا ــ پهر همنے عقل کو تیرا صلاح کار بنایا کہ تو اُسکي مدد سے اپني آسایش جائز کیواسطے هر طرح کا سامان بهم پهونچائے دنیا کے چرند پرند حیوانات نباتات جمادات سب کو تیرا مطیع فرمان بنا دیا کہ تو اُنپر حکمراني کرے اور انپر متصرف رهے ــ کیا اسلئے کہ تو بهك کر بهي تجهي هماري طرف رُخ نکرے اور سدا همسے بهاگا بهاگا پهرے

۱۵ تیری زندگي محض[143] ایك هستي بے بود تهي دو لمحے تجھکو تنفس کےلئے هوا نہ ملتي تو تیرا دم نکل جاتا ایك رات دن بے آب ودانہ تجھکو جینا دشوار هوتا منون هوا تو سونگھ گیا اور کبھي نہ سوچا کہ همارے[144] طفیل سے ــ غلہ انبار کے انبار ٹهونس گیا اور کبھي

Divine commands is the point here.

143 *Ek hasti-i-be bûd*, 'a shadowy existence.'

144 *Hamâre tufail se*, 'by my agency': *tufail* (dim. of *tifl*) means 'a small baby,' applied by

142 *Apnî derh înt kî masjid*, 'Your brick-and-a-half mosque.' The phase is applied to a man who sets up his own opinions as a standard of right in defiance of superior authority. The petty egotism of indifference to the

لسمجھا کہ ھماري بدولت زندگي بھر کٹي [145]کنوئین تونے خالي کئے هوندے مگر کبھي دھیان نکیا کہ [146]همارے صدقے مین ـ اور [147]ایك پاني اور هوا اور غلہ و غذا کیا ضرورت کي کل چیزین تو کهان سے لاتا اور کهانسے بهم پهونچاتا تها همارے توشہ خانۂ عام سے ـ مگر امپر تیري یہہ [148]هیکڑي تهي کہ گویا هم تیرے قرضدار هین یا همپر کچهہ تیرا ادهار آتا هي تو کهاتا تها اور [149]مُکرتا تها لیتا تها اور بهول بهول جاتا تها دنیا کي باتون مین تو تیري عقل بڑي رسا تهي مگر تو جان بوجهکر همارے هي ساتهہ تجاهل کرتا تها مُنہہ پر آنکهین تهین اور اندها [150]ایك چهوڑ دو دو کان تهے اور بهرا ـ زمین آسمان چاند سورج ستارے جنگل دریا میدان انواع و اقسام کے درخت پهل پهول کهانے کو الوان نعمت پهننے کو رنگارنگ خلعت جواهر بیش بها نقره و طلا دنیا بهر کا سامان همنے تیرے واسطے مهیا کیا اور ایك تیرے دم کے لئے اسقدر لوازمہ بهم پهونچایا ـ همکو یهانتك تیري خاطر عزیز اور تو همسے منحرف همکو اسقدر تیري بزرگداشت ملحوظ اور تو همسے

way of contempt to a parasite, or a hanger-on who boasts his influence with a great man. It is supposed that *Tufail* was the real name of some such person, which has become proverbial.

[145] *Kunw'en:* nom. plural of *kunw'ân*, 'a well.' The first nasal is not sounded, and is generally omitted in Urdû writing: hence the use of *hamza* in either case.

[146] *Hamâre sadqe men*, 'in my gift.' The *sadqa* is a deed of alms, generally propitiatory, when scraps of food, &c. are waved over a person, or placed under a sick-bed, and then bestowed upon paupers. Some of the articles are specified in the following: *tel mâsh kâle take mujhpar se sadqe ki'e.*—Bâg-o-Bahâr.

[147] *Ek pânî*, &c. 'Why mention single instances of my bounty, such as water, &c.?'

[148] *Hekrî.* The word is here used in the sense of 'audacity.'

[149] *Mukarnâ*, 'to refuse acknowledgment.' It is improbable that this word is a corruption from a rarely-used Arabic verbal like منكر, as Platts suggests. *Mu* is possibly short for *munh*, as used in the phrase *munh karnâ*, 'to confront a person (disrespectfully).'

[150] *Ek chhor do do kân the.* See Note 52 above. 'Not one but actually two ears.'

برگشتہ ـ [151]هم چاهتے تو ایك ادنيٰ مسي چيونٹي تيرے هلاك كرنے كو كافي تهي هم حفاظت نكرتے تو خود تيرے جسم ميـن فساد كا مادہ ايسا تها كہ ايك ذرا مسا روگ تيرے فنا كرديـنے كو بہت تها مگر هم تجهسے دوستي كرتے تهے اور تو همسے عداوت هم عنايت كرتے تهے اور تو بغاوت ـ كيا يهي تها بدلہ جو تو نے همكو ديا كيا يهي تها صلہ جو تجهسے همكو ملا

همنے تجهكو دنيا مين بهيجتے وقت كيا تاكيد كي تهي كہ ديكهہ روح يہہ ايك جوهر لطيـف هي اور مجهكـو بہت هي عزيز هي ايسا نكرنا كہ اسكو دنيا ميـن جاكر بگاڑ لائـے يہہ ميري عمدہ امانت اور نفيـس وديعـت هي ديكهہ اسكي احتيـاط كماينبغي اور حفاظـت كماحقہ كيجيو جيسا اُجلا شفاف برّاق روشن يهان سے [152]لئے جاتا هي ايسا هي ديكهہ لونگا آج تو اي روسياہ اُسكو لايا هي مگر پوتهہ سے بدتر اور ٹهيكري سے كمتر بناكر نجس ناپاك تيرہ بےآب بد رونق خراب

همنے تو تجهے چلتے چلتے كهديا تها كہ تو دنيا ميـن [153]دل مت لگائيو اور اس طرح رهيو جيسے سرائے مين مسافر [154]تو وهان گيـا تو

---

[151] *Ham chāhte*, 'Had I desired it.' It will be noticed that in this and the following clause the principal verbs are *thî* and *thâ* instead of *hotî* and *hotâ*. The condition being assumed, the result is treated as a fact rather than a contingency. Cf. Ch. I. 29. See also Pincott's *Hindî Manual*, p. 129. Nazîr Ahmed rather affects this idiom. The translator of the *Alf Laila* prefers the past conditional in both clauses.

[152] *Li'e jâtâ hai*, 'Thou goest with it in thy possession.' A condensation of *iske li'e hûe men jâtâ hai*. Platts, § 211. See also Ch. II. 8.

[153] *Dil mat lagâ'iyo.* For this form of the imperative, see Platts, §§ 459, 460. With regard to *mat*, Platts (§ 462) says that it "occurs with the imperative or precative only," and Kellogg, § 499 (4) says the same thing. It is, however, used with the infinitive also. See Pincott's *Hindî Manual*, p. 147.

[154] *Tû wahân gayâ to bas wahîn kâ ho-rahâ*: a terse and idiomatic sentence, which hardly admits of

بس وہین کا ہو رہا اور [155] ایسی لمبی تان کر سویا کہ قبر مین آکر جاگا ـ تھا تو مسافر اور بن بیٹھا مقیم تھا تو سیّاح اور ہو گیا متوطن ـ کیا تو تمام عمر دنیا مین مال نہین جمع کرتا رہا اور کیا تو نے پکّی پکی عمارتین اس خیال سے نہین بنوائین کہ مدتون اُنمین رہیگا مسافر کا یہی کام ہی سیّاح کا یہی شیوہ ہی ـ تو تو جانتا تھا کہ تجھکو یہان لوٹ کر آنا ہی [156] پھر مرنے کے نام سے تجھکو موت کیون آتی تھی اور چلنے کی خبر سنکر تو مچلتا کیون تھا

ہر روز تو لوگون کو مرتے دیکھتا اور سنتا تھا کیا تجھکو نہین سمجھنا چاہئے تھا کہ ایک دن تو بھی مریگا ـ خود تیری حالت مین کتنے کتنے انقلاب واقع ہوے لڑکے سے جوان ہوا جوان سے بڈھا ناتوان بال تیرے سفید ہوے دانت تیرے ٹوٹے کمر تیری جھکی قوتون مین تیری فتور آیا

غرض ہمنے تجھکو سوتا دیکھکر بہتیرا جھنجھوڑا بہتیرے ٹھنڈے پانی کے چھینٹے دئے کئی بار اُٹھا اُٹھاکر بٹھا بٹھادیا مگر [157] تیرے نصیب کچھ ایسے سوتے تھے کہ تونے ہی کروٹ نہ لی

تمامی عمر تو غفلت مین سویا　　ہمارا کیا لیا کچھ اپنا کھویا

سخت گیری خود ہماری عادت نہین اور سخت گیری ہم کرین

and lying at full length : *pâ-darâz* is the Persian phrase.

[156] Translate : 'then why was death coming to you in the sense of dying ?'

[157] *Tere nasîb*, &c. Lit. 'Thy destinies slumbered so profoundly, that thou didst not even turn in thy sleep.' *Nasîb* is generally plural in Urdû. A man's destinies are said to 'slumber' when he passes his life in sloth and indolence. *Nasîb jâgne*, on the other hand, denotes energy and success.

literal translation. The full sense is, 'Thou waitest there, and all I can say is, thou stayedst there, as if it and no other place was thy native home.' Cf. Ch. IV. 25.

[155] *Aisî lambî tân-kar soyâ*, 'thou sleptest so soundly.' In the *Bâg-o-Bahâr* (Nat. ed. p. 115), the form of the expression is *lambî tânî soyâ*. The picture is a very common one in the East, of a man wrapped up from head to foot in his sheet or blanket

بھي تو كس پر اپنے بندون پر جنكا مارنا اور جلانا هر وقت همارے اختيار مين هي ـ همسے زياده بھي كوئي در گذر كرنے والا هوگا كہ ايك معذرت پر عمر بھر كے گناهون كو همنے قاطبةً بھلا بھلاديا هي ليكن توبہ و استغفار ندامت و حسرت كا [158] اظهار بھي تو كوئي كرے ـ هماري رحمت حيلہ جو هماري رافت بہانہ طلب كتني كتني بار جوش مين آئي مگر همنے اُسكو صرف كرنے كا موقع نہ پايا ـ اگر بنده همارے ساتھ [159] نسبت عبوديت صحيح ركھتا تو هم اُسكي لاكھ بُرائيون پر خاك ڈالتے همكو تو بڑي شكايت يہي هي كہ اُسنے همكو معبود هي نہ [160] گردانا عالم اسباب مين رهكر [161] اسباب پرست هو گيا

پھر هم جو ديكھتے هين تو همارے احكام بھي كچھ سخت نہ تھے كھانے كو همنے نہين روكا سونے كو همنے منع نہين كيا تمتعات دنيوي سے باز نہين ركھا پھر جو تونے اُنكي بجاآوري نہ كي تو سوائے تيري بدنفسي كے اور تو كوئي وجہ معلوم نہين هوتي ـ اي شخص نجات جسكا تو اب نہايت آرزومندي كے ساتھ خواهان هي اي كاش زندگي مين تجھكو اُسكي اتني بھي پروا هوتي [162] جيسے اُرْد پر سفيدي ـ دنيا كے چھوٹے چھوٹے نقصان اور ذرا ذرا سے زيان تجھكو مضطر اور بے چين كر ديا كرتے تھے ليكن تباهي دين كي تجھكو خبر [163] تك بھي تو نہين هوئي ـ اي كاش تجھكو نماز كے قضا هونے كا اتنا هي

---

158 *Izhâr bhî to koî kare*, 'Let man at least make a declaration of ——.'

159 *Nisbat-i-'ubûdiyat*, 'the relationship of service,' in which man is *'âbid*, 'serving,' and God *ma'bûd*, 'served.'

160 *Gardânâ*, perf. tense of *gardânnâ*, 'to esteem or regard;' lit. 'to turn a thing round (by way of inspection).'

161 *Asbâb-parast*, 'a worshipper of causes,' instead of Me, the Causer of causes—*musabbibu-l-asbâb*.

162 *Jaise urd par safedî*, 'as much even as the white spot on the vetch-bean,' *i.e.* very little.

163 For this use of *tak*, see Note 14 above.

رنج ہوتا جتنا کہ ایک متي کے پرانے آبخورے کے توت جانیکا ہوتا
تھا ـ ہم جانتے ہین کہ اب تجھکو بہت ہي بڑي ندامت ہي
لیکن اس ندامت کا کچھہ [164] ماحصل نہین اسواسطے کہ یہہ دارالجزا
ہي دارالعمل نہین ـ ہم دیکھتے ہین کہ تو ایک بات کا جواب بھي
نہین دے سکتا لیکن حجت تمام کرنے کي نظر سے ہم تجھکو مہلت
دیتے ہین جا اپنے نامہ اعمال کو دیکھہ اور اچھي طرح سوچ سمجھکر
کوئي بات ہمسے بیان کر بشرطیکہ معقول اور قابل قبول ہو

passed,' p. 33, line 9, is of precisely similar formation. See the verse from the *Bostân* translated at Ch. II. 68.

[164] *Mâ-hasal*, lit. 'what is collected,' 'result'—ordinarily expressed by *hâsil* or *husûl*. The common word *mâ-jarâ*, lit. 'what

دوسرا باب

باپ نے جو یہ اپنی [1]رام کہانی سنائی بیٹے پر اس طرح کی
ہیبت چھائی کہ چونک پڑا جاگا تو پھر وہی دالان تھا اور وہی
تیمارداریوں کا ساماں ۔ بی بی پاس بیٹھی ہوئی آہستہ آہستہ پنکھا
جھل رہی تھی میاں کی آنکھ کھلی ہوئی دیکھہ اسکی جان میں
بھی جان آئی ورنہ جس گھڑی سے میاں نے جی بُرا کیا تھا سہموں
کے مارے [2]کاٹو تو بدن میں لہو نہیں تھا ۔ نصوح آٹھ بجے ڈاکٹر کی
دوا پی کر جو پڑا تھا تو اُس وقت کا سویا سویا اب [3]کہیں دو بجے
جاکر ہوشیار ہوا چونکہ ڈاکٹر کہہ گیا تھا کہ نیند اگر آگئی تو جاننا کہ
بیمار بچ گیا اسکے سو جانے سے سب کو تسلی سی ہو گئی تھی
مگر جب زیادہ دیر ہوئی تو عورتیں پھر گھبرانے لگیں کہ نہیں
معلوم کمبخت ڈاکٹر کیسی دوا پلا گیا ہے کہ [4]دو پہر پڑے پڑے گذر

---

[1] *Râm-kahânî*, a long-winded story, such as the *Râmâyan*.

[2] *Kâṭo*—parenthetical—'if you were to cut.' See Platts, § 437 and Pincott's *Hindi Manual*, p. 123.

[3] *Kahîn do baje jâkar*. This idiomatic phrase may be rendered, 'having gone on sleeping till somewhere about two.'

[4] *Do pahar pare pare guzr-gae*, &c. 'Two watches have passed while he has lain there (*lit.* to him lain there), and he has not so much as turned in his sleep.' See Ch. I. 157.

گئے کروٹ تک نہین بدلی خدا جانے اندر سے جی کیسا ھی اور [5]دل
پر ایسی کیا آن بنی ھی کیونکر ھوش آئیگا دیکھئے کیا ھوتا ھی

نصوح بیدار ھوا تو بی بی نے پوچھا کیسی طبیعت ھی - اچھے
موئے کہ گھر مین رونا پیٹنا [6]ھوا کیا اور تمکو خبر نہین بولو بات کرو
کہ [7]اوپروالون کو تسلی ھو - کسی بچے کے مُنہ مین دانہ تک گیا ھو
تو حرام [8]چھوٹے بڑے سب کل کا کھائے ھوئے ھین روتے روتے لڑکیون
کی آنکھین سوج گئین ھین [9]لڑکے ھین کہ مضطر اور پریشان پھرتے
ھین - بی بی نے ھر چند دلجوئی کی باتین کین مگر نصوح کو خواب
کا سارا ماجرا پیش نظر تھا مطلق جواب ندیا بی بی سمجھی کہ
بیماری کی وجہ سے بولنے کو جی [10]نچاھتا ھوگا مگر وہ خدشہ سب
کے دل سے دفع ھو گیا مبارک سلامت ھونے لگی اور گھربھر نے
[11]بے رمضان کی عید منائی - بازار سے حلوا پوری منگواکر سب نے

sight seems natural; *khâe hûe* (*men*) means 'in the state of having eaten,' just as *rote rote* in the following clause means 'in the state of constantly weeping.'

[9] *Larke hain kih*, &c., a colloquially terse form of expression, which may be rendered, 'as for the boys, they wander about in distress and agitation.'

[10] *Nah châhtâ hogâ*, 'will not be desirous of.' This is the 'present presumptive' of native grammarians, called 'future imperfect' by Platts, § 195, and 'presumptive imperfect' by Kellogg.

[11] *Be-Ramazân kî 'îd*, 'a feast without the fast preceding it.' A most significant expression to the Moslem. The reference is to the *Eedu-l-Fitr*, which is held

[5] Understand *musîbat*, and cf. Ch. I. 103.

[6] *Hûâ kiyâ*, 'has been constantly going on.' This is a good illustration of the technical usage of *karnâ* in this form of compound. See Ch. I. 42.

[7] *Ûpar-wâle* here means those who are on the look-out for news—standing, as it were, over the patient's bed.

[8] *Chhote bare*, &c. 'Small and great, all of us have eaten nothing since yesterday.' The *kâ* in this extremely idiomatic clause is governed by *khânâ* understood. Cf. *us waqt kâ soyâ soyâ*, p. 38, line 7. In Ch. VIII. 8, we have *kal isî waqt kâ khâe hûe hai*, 'she has not eaten since this time yesterday,' which shows that *khâe hûe* in the text does not agree with *chhote bare*, as at first

تهوڑا بهت کهایا پیا کهانے هي مین کسینے یه بات بهي چهیڑي که مریض کا غسل صحت هو تو ایك رتجگا بڑي دهوم سے کیا جائي اور اچهے هونے کي شادي کرین

یه لوگ تو شادي اور رتجگے کے ارادے کر رهے تهے اور نصوح اپنے خواب کے تصور مین غلطان پیچان تها ـ اُسکا دل مان گیا تها که یه خواب میرے وهم و خیال کا بنایا هوا تو هرگز نهین هي هو نهو یه ایك امر منجانب الله هي خواب کیا هي رویاے صادقه اور الهام الٰهي هي ـ باپ کا اظهار اسنے ایسي توجه سے سناتها که حرف بحرف نوك زبان یاد تها جتنے الزام باپ پر لگائے تهے غور کرتا تها تو سب اپنے مین پاتا تها بلکه باپ کي حالت سے اپني حالت کو مقابله کرتا تها تو کچهه نسبت نتهي اُن مرحوم کا یه حال تها که نماز روزے کے پابند [12]ورد وظائف کے مقیّد معاملے کے صاف بیوهار کے کهرے لوگون کے دیکهنے مین محتاط پرهیزگار متقي دیندار اور [13]یهان نماز بهي تهي تو [14]گنڈے دار

عیدین تو ضرور اسواسطے که عید سے بڑهکر مسلمانون کا کوئي تیوهار نهین اس سے بهاري کوئي میله نهین برس روز مین [15]یهي دو

---

[13] *Yahân*, 'in his own case.' Cf. the use of *jahân*, Ch. I. 100.

[14] *Gandedâr*. This is a curious term. *Gandâ* means a string of which the strands are of various colours. The tail of a horse stained in rings of red or white is also said to be *gandedâr*. In its application here the sense of the word is 'irregular,' 'not according to rule.'

[15] *Yihî do din*. That is, the 1st *Shawwâl*, on which the *Eedu-l-Fitr* (Note 11) is observed, and the 10th *Zû-l-hijja*, on which the on the 1st of the month succeeding the thirty days' fast of Ramazân. This fast, which is observed from the first appearance of dawn to the time when the stars are visible, is a most trying ordeal, and the feast which follows is proportionately welcome. See Ch. I. 32.

[12] *Wird wazâ'if ke muqaiyad*, 'strictly observant of the duty of reading the daily lesson from the Qorân.' See Note on the expression *famî bishauqin*, Ch. V.

دن تو ساز و سامان کي نمايش کے هوتے هين ـ کوئي اپنے نئے شاندار
کپڑون مين [16]اکڑ رها هي ـ کوئي گھوڑے کو چھيڑ چھيڑکر کُداتا هوا
قصدًا لوگون کي بھيڑ کو چيرتا پھاڑتا چلا جا رها هي ـ کوئي نوکرون
کي هتوبڑهو سنکر پھولا هوا هي ـ کوئي کرايے يا مانگے کے تانگے پر
سوار گاڑي بان سے کهتا هي [17]چودهري کيسا سڑيل تانگہ بنا رکھا هي
گدّا هي تو ميلا پوشش هي تو پھٹي هوئي نہ بيلون کے گلے مين
گھونگرو نہ پهيون مين جھانجھ ـ خير اب [18]عيدگاه کا وقت قريب
هي اتنا تو کر کہ وه آگے اِکّہ جا رها هي اسکے برابر لگائے چل مرد
آدمي تجھکو انعام لينے کا بھي سليقہ نهين
[19]رهاٌ جمعہ اگر کپڑے خوب صاف هوئے اور دھوپ بھي ايسي

---

wanted, *akrâ kartâ hai* would be nearer the mark. Pincott (p. 138) has some useful examples; but *rahnâ* can hardly be called an "auxiliary," as he calls it.

[17] *Chaudharî*, the titular appellation of the head man of a village, or of a guild, or caste, or trade-union. See Ch. VII. 98: *har bâzâr men ek chaudharî.* It is also used in addressing head servants, such as coachman, head-gardener, &c.

[18] *'Îdgâh kâ waqt*, 'the time for going to the Eedgah.' The *'Îd-gâh* is a large masonry platform, often with a wall and minarets on one side only, built outside the town at some convenient point of access. It is used on these occasions for the consecration of gifts and sacrifices before presentation, or for the actual sacrifice.

[19] *Rahâ jum'a.* For this idiom see Ch. I. 89.

Baqar 'îd (as it is usually called in India), or the *Qorbân Bairâm*, or *Bairâm* (as it is called in Turkey) is observed. The latter is the 'Feast of the Sacrifice' of Abraham's son, and is the most important of the festivals of Islâm. "Everyone must be cheerful on *Baqar 'îd*" is a proverbial expression.

[16] *Akar-rahâ hai*, 'is strutting along.' According to Kellogg, § 347 *d*, this form of the verb is a 'compound,' expressive of *continuity* of action. Holroyd, p. 87, takes the same view, which is in accord with native teaching. As regards the tense, the idea of continuity implies past as well as present time; and it is one of the idioms of the language to use the past form of the verb when a choice is possible (see Ch. IV. 56). It is not enough to say (see Platts, p. 171, note 2) that *akar rahâ hai* = *akartâ hai*: if an equivalent is

سخت نهوئي دن ابر و باد مے پاك هوا دوست آشناؤن مے ملنے كو
جي چاها تو گئے ورنہ [20]محلّے هي كي مسجد مين ٹرخالي يا دل مين
تاويل كرلي كہ شرائط جمعہ مين اختلاف هي ـ [21]پنجوقتي كو تو كبهي
فرض و واجب كيا مستحب بهي نهين سمجها صبح اور ظهر اور عشا
تو عمر بهر پڑهي هي نهين كيونكہ عين سونے كے وقت تهے رهي عصر
سو هواخوري اور سير بازار خريد و فروخت دوست آشناؤن كي
ملاقات دنيا بهر كي ضرورتون كو بالاے طاق ركهتے تو ايك نماز
پڑهتے ـ مغرب كيواسطے تو عذر ظاهر تها وقت كي تنگي جب تك
پهر پهراكر گهر ائے حمرت شفق زائل هو جاتي تهي

يہ تو اس عبادت كا حال تها جسكو ثواب بے زحمت اور اجرے
تكان كهنا چاهئے اور جس عبادت مين ذرا سي تكليف بهي تهي
جيسے روزه يا زكوٰة حتے الوسع كوئي نہ كوئي حيلہ شرعي اس سے
معاف رهنے كا سوچ ليا جاتا تها [22]رجب كا مهينا آيا اور روزون كے
ڈر كے مارے ايك عجب طرح كا سهم چڑها سب سے آسان نسخہ يہ
كہ كسي طبيب كے يهان آنا جانا شروع كيا ـ اُنهون نے چند روزه زندگي

---

[20] *Mahalle hi ki masjid men*, &c. 'They shuffled over (their prayers) in the mosque of the quarter, or comforted themselves with the reflection that Friday observances were a matter of opinion.' Orthodox Mahomedans hold that Friday's prayers should always be said in the *Jâmi' Masjid*, or Congregational Mosque of the city.

[21] *Panjwaqti*. 'As to the five times of prayer (what matter whether the prayers were obligatory or not), they paid them no regard at all.' At each of the five times of prayer a certain number of bendings (*rakat*) or prostrations (*sijda*) are *farz*, *i.e.* prescribed by the Qorân, a certain number are called *sunnat*, *i.e.* prescribed by the custom of the Prophet, and a certain number are called *wâjib*, *i.e.* prescribed by tradition. The first of these alone are obligatory; hence the term *farâzi*, 'a stickler for the *farz*,' applied to the Wahhâbî sect. See Appendix for a table of details.

[22] *Rajab* is the 7th month, the next but one before *Ramazân*. For *yahâṅ* in the next clause see Ch. IV. 7.

کیواسطے وہ وہ بکھیڑے کھڑے کر رکھے ھین کہ روے زمین پر اُنکے
نزدیك كوئي تندرست ھي نہین ـ یون ملنے ملاقات کرنے جاؤ تو
پان کي عوض نسخہ حوالے کر دیتے ھین اور جہان ایك دفعہ دوا پي
اور روگ لگا لیا رمضان کے آتے آتے تو طبیعت خاصي محتاج مسہل
ھو گئي اور حکیم صاحب کي بدولت روزون سے بچ گئے

[23]زکوٰۃ کا ٹال دینا تو کچھ بڑي بات نہ تھي نصاب پر حَوْل کامل
کیون گذرنے دین کہ زکوٰۃ دیني پڑے ـ جب دیکھا کہ برس پورا ھونے
آیا بي بي کے نام زباني ھبہ کر دیا ـ [24]گھي کہان گیا کھچڑي مین ـ
جب بي بي پر وجوب زکوٰۃ کا وقت آیا پھر اپنے نام ھبہ کرالیا اور
[25]ٹھٹھیرا بدلائي کرکے حکم خدا کو بالا بتایا ـ یا مال کو ایسے [26]پیرایہ
مین رکھا کہ زکوٰۃ سے بري رھے خاصي طرح دکانین مول لین مکان
بنوائے اُنمین کرایہدار بسائے کہ [27]مال نامي آپ نامي زکوٰۃ ندارد

غرض جہانتك نصوح احتساب کرتا تھا اپنے تئین دین سے بے بہرہ
ایمان سے بے نصیب نجات سے دور ھلاکت و تباھي سے قریب پاتا تھا
جس عمل نیك پر نظر کرتا یا تو سرے سے اسکے اعمال نامے مین
تھا ھي نہین اور تھا بھي تو ایك عمل اور سیکڑون رخنے ھزارون

---

bargaining,' a proverbial expression for sharp practice, or any kind of over-reaching.

[26] *Pîrâya.* See Ch. I. 109.

[27] *Mâl nâmî âp nâmi zakât na dârad.* The first *nâmî* in this pointed clause is an Arabic verbal, which means 'increasing'; the second is a Persian word meaning 'well-known.' Translate: 'His wealth is known to be increasing; himself is known to be wealthy; and yet no alms-tax is forthcoming.'

[23] *Zakât,* the legal alms or poor-rate, of one-fortieth, leviable on certain specified kinds and amounts of property (*nisâb*), which has been one year (*haul*) in the possession of the proprietor. For further details see Sale's *Prel. Discourse*, § iv.

[24] *Ghî kahân gayâ khichrî men.* This proverb is applied to persons who spend nothing outside the limits of their own family.

[25] *Thatherâ badlâî,* 'tinker-

فساد ـ دو چار نمازین هین تو کاهلي و بیدلي و ریا مسے خالي نهین
کبهي جاڑے کے دنون مین یا [28] افطار و سحور مین شریك هونے کي
نظـر مسے جو روزے رکهنے کا اتفاق هوا تها تو انمیـن دکهاوے اور
ظاهرداري کا نقص تو تهـا هي تها تکلیف کي شکایت مسے نیکي
برباد گنہ لازم ـ کبهي کسي بهوکے ننگے کو وه چیز جو اپنے مصرف
کي نہ تهي دي تو اسکو یون اکارت کیا کہ ایك دفعہ دیکر سو سو بار
احسان جتایا اور یہہ سمجهے کہ بیچارے محتاج کو عمر بهر کیواسطے
مول لے لیا ـ خلاصہ یہہ کہ کوئي عمل نیك نہ تها جو [29] خالصةً للّٰه هو
اور انصافاً اسکے ثواب کي توقع اسکے اجر کي امید کیجاے

انٔ خیالات نے نصوح کے دلپر ایسا اثر کیا کہ وه بے اختیار هوکر
رویا اور کهنے لگا کہ الهي مجهسے زیاده نالائق نابکار ناکس ناهنجار
بهي کوئي شخص هوگا کہ مین نے اپني ساري عمر تیري نافرماني
مین کاٹي [30] کاش مین پیدا هي نهوا هوتا یا پیدا هوا تها تو معصیت
پر قدرت نرکهتا کوئي ایسي سخت مصیبت مجهپر پڑتي کہ سر کهجانے
کي فرصت ندیتي مجهپر بجلي نہ گري آسمان نہ ٹوٹ پڑا مجهکو سانپ

---

[28] *Iftâr wa sahûr*: technical names for the two nocturnal meals by which life is sustained during the fast of Ramazân. The first, which means 'breaking fast' (from the root فطر), is eaten at night-fall; the second, which means 'early,' is eaten just before dawn. The more rigid Mahomedans, and the women generally, take the first only, and that sparingly.

[29] *Khâlistan lillâh*, 'really for God': the test of merit in acts of charity according to the teaching of the Qorân.

[30] *Kâsh main paidâ hî na hûâ hotâ*, 'Would that I had never even been born!' The tense here is rightly called a 'past optative' by native grammarians. Platts ranks it under 'additional tenses, rarely used,' and describes it as a 'past perfect (subjunctive).' Kellogg uses the term 'negative contingent perfect,' on the ground that it is "never used except in conditional clauses implying the negation of the condition." This may be; but the terminology is too cumbersome for daily use; and the tense is common enough.

نہ سونگھہ گیا [31]ھیضہ کرکرا کے مین بیٹھا پھر اُٹھہ بیٹھا لعنت ھي مجھپر اگر اب مدۃالعمر گناہ کے پاس پھٹکون تف ھي میري زندگي پر اگر پھر معصیت پر اقدام کرون ــ یہہ عھد اپنے جي مین استوار کرکے اُسکو پھر اپني عمر تلف شدہ کا خیال آ گیا اور دل مین کھنے لگا کہ مین نے ساري عمر جو اس تباہ حالت مین غارت کي اسکي تلافي کچھہ بھي میرے اختیار مین نہین اور بڑي بے انصافي ھي کہ مین جرم کرون اور سزا نپاؤن گناہ کرون اور اسکا پاداش نہ بھگتون

نصوح کو اپنے گناھون پر اُس وقت اتني ندامت تھي کہ مرنے کو وہ اپني ایك ادنيٰ سي سزا سمجھتا تھا گھر بھر اُسکے جانبر ھونے کي خوشي منا رھا تھا اور اُسکو افسوس تھا کہ مین مر کیون نہین گیا ــ علالت کي وجہ سے اُٹھنے سے معذور تھا مگر تکیے پر [32]اوندھا سر کئے ھوئے پڑا ھوا تھا اور کہہ رھا تھا کہ خدایا مین تو اسي قابل ھون کہ دوزخ مین جھونك دیا جاؤن مگر جو تو نے اپنے فضل سے پھر چند روز کیواسطے مجھکو دنیا مین رکھہ لیا ھي تو ایسي توفیق عطا کر کہ نکوکاري اور تیري اطاعت و فرمانبرداري مین رھون اور میري زندگي دیندارانہ زندگي کا نمونہ ھو

اپنے نفس کے احتساب سے فارغ ھوا تو نصوح کو خاندان کا خیال آیا دیکھا تو بي بي بچے سب ایك رنگ مین ھین دنیا مین منہمك دین سے بیخبر ــ تب یہہ دوسرا صدمہ نصوح کے دل پر ھوا کہ [33]وا حسرتا مین تو تباہ ھوا ھي تھا مین نے ان تمام بندگان خدا کي بھي بات ماري ــ اپني [34]شامت اعمال کیا کم تھي کہ مین نے ان سب کا وبال

---

[31] *Haiza kar-karâ-ke*, 'Having been actually seized with cholera.' The addition of the causal to the simple verb has an intensive force here.

[32] *Aundhâ sir kie hûe*, 'with his face downwards.' *Aundhâ* ordinarily conveys the sense of 'upside down.'

[33] *Wâ hasratâ*, 'O! the pity of it!'

[34] *Shâmat-i-a'mâl*. The idea

سمیتا مجھکو خدا نے اس گھر کا مالك اور سردار بنایا تھا اور اتني روحین مجھکو سپرد کي تھین افسوس مین نے ودیعت ایزدي کو تلف کیا اور امانت الهي کي نگہداشت مین مجھسے اسقدر سخت غفلت هوئي - یہہ سب لوگ میرے حکم کے مطیع اور میري مرضي کے تابع تھے مین نے اپنا بُرا نمونہ دکھاکر ان سب کو گمراہ کیا اگر مین قدم رکھتا تو یہہ کیون بگڑتے اور یہہ بگڑے تو آخر انسے جو نسل چلےگي وہ بھي بگڑےگي غرض مین دنیا مین بدي کا بیج بو چلا - جو لوگ خدا کے اچھے بندے هوتے هین [35]باقیات الصالحات اور یادگار نیك دنیا مین چھوڑ جاتے هین مین ایسا بدبخت هوا کہ مجھسے یادگار بھي رهي تو بدي جب تك میري نسل رهینگي بدي بڑھتي اور پھیلتي جائیگي جب یہہ لوگ خدا کے روبرو جوابدھي کیواسطے حاضر هونگے تو آخر کہینگے کہ همکو کسي نے راہ نیك بتائي نہین تو مین کیا جواب دونگا یہہ خیال کرکے نصوح پھر ایك مرتبہ پکار کر رویا اور دوسرا عهد اسنے یہہ کیا کہ جتنے لوگ میرے خاندان مین هین سب کي اصلاح وضع کرونگا اور پھر اسنے خدا سے دعا کي کہ اي اللہ العالمین تو اس ارادے مین میري مدد کر جو مشکل پیش آئے آسان هو جائے میري بات مین اثر دے اور میرے عزم مین استحکام

نصوح کو ایسي ٹھوکر نہین لگي تھي کہ وہ اسکو بھول جاتا تنبہ هوے پیچھے اسکو اپني اصلاح دشوار نہ تھي مگر اصلاح خاندان ایك بڑا مشکل کام تھا وہ بخوبي واقف تھا کہ دینداري اور خداپرستي میرے خاندان کے لئے بالکل نئے الفاظ هین جنسے چھوٹے بڑے کسي

---

complished the destruction of all these also?' Cf. Ch. X. 22.

[35] *Bâqîyâtu-s-sâlihât*, 'vestiges of their virtues.'

conveyed is that of the Nemesis which overtakes a man's misdeeds. 'Was not my own ruin enough, that I should have ac-

کے کان آشنا نہین وہ اچھي طرح سمجھتا تھا کہ گھر بھر ایک طرف هوگا اور مین اکیلا ایک طرف ـ نقارخانے مین طوطي کي آواز کون سُنے گا ـ اور مین [36]ایک سورما چنا بنکر کیونکر معصیت کے بھاڑ کو توڑ ڈالونگا ـ پس وہ غور کرنے لگا کہ کسکو اپنا مددگار بنائے کسکو صلاح کار قرار دے آخر یہي دل مین آیا کہ اصلاح خاندان کے لئے بي بي سے بہتر کوئي ذریعہ نہین اور خدا کو کچھہ اس خاندان کي فلاح هي منظور تھي کہ [37]نصوح نے بي بي کو پڑھا لکھا بھي لیا تھا .

. جب نصوح کا نیا نیا بیاہ هوا اُنہین دنون تعلیم نسوان کا چرچا شروع هوا تھا نئي نئي کتابین جو عورتون کیواسطے جاري هوئي تھین نصوح نے سب کو بہت شوق سے دیکھا تھا اور اسکا دل اس بات کو مان گیا تھا کہ عورتون کے لکھانے پڑھانے مین چند در چند فوائد دیني و دنیوي مضمر هین چنانچہ اسنے بعض کتابون مین سے بعض مقامات دلچسپ بي بي کو پڑھکر سُنائے ـ بھلائي کي بات سبھي کو بھلي معلوم هوتي هي بي بي نے بھي اسکو تسلیم کیا کہ عورتون کے لئے پڑھنا بہت مفید هي بال بچون کا کچھہ بکھیڑا نتھا میان سے پڑھنا شروع کیا تو چار پانچ مہینے مین اُردو لکھنے پڑھنے لگي [38]تب سے ابتک تھوڑا بہت مشغلہ چلا هي جاتا تھا

point, for which see Kellogg, § 348, *c*. See also *samjhá-lená* a few lines below, and *samajh-loge*, Ch. III. 28.

[38] *Tab se ab tak*, &c. 'Since then she was more or less always busy.' The particle *hî* implies that the calls upon her time were continuous and growing. It is almost impossible to do justice in translation to these little turns of idiom.

[36] *Ek sûrmá chaná*, 'a heroic pea.' There is an amusing personification of *chaná* in Ch. X. Parched grain, known as *chabena*, 'something to chew,' is an institution in India.

[37] *Nasûh ne bîbî ko parhá likhá bhî liyá thá*, 'Nasûh had well taught his wife to read and write too.' 'Well,' in the sense of 'well for his own interests,' is here intended to convey the force of the compound verb: a nice

نصوح کو اسوقت بي بي کا پڑھا هونا بهت هي غنيمت معلوم هوا
اور سمجها کہ بي بي يون بهي خدا کے فضل سے [39]اسم با مسمي فهميده
هي اُسکا سمجهالينا تو [40]چندان دشوار نهين ـ [41]رهے بچے جنکي عمر
چهوٹي هي وه بهي اصلاح پذير هين بڑي دقّت تو بڑي عمر والون
کي هي ـ ايك بيٹا ايك بيٹي بياهے جا چکے تهے سمجها کہ دونون
اپنے اپنے گهر کے هين کسي پر ميرا اختيار باقي نهين اور هو بهي
تو جوان بيٹا جوان بيٹي [42]مار مين نهين سکتا گهڑك مين نهين
سکتا [43]نرا سمجهانا اور وه بهي اس عمر مين بڈهے طوطون کا پڑهانا
هي ـ آخر وه کهينگے نهين کہ [44]بُرے هين تو بيدين هين تو تمهين
نے همکو ايسا اُٹهايا اور جبکہ هماري عادتين راسخ اور خصلتين
طبيعت هوگئين تو اب همکو انکا ترك کرنا تعليم کرتے هو اور همکو
ناحق ملزم بناتے هو [45]يہ سوچتا تها کہ نصوح کي آنکهون سے آنسو
ٹپك پڑے اور سمجها کہ ان دو کي اصلاح محال هي اسکو زياده تر
افسوس اس بات کا تها کہ خدا کے فضل سے دونون کے آگے اولاد
هي جس طرح ميري بدي نے ميري اولاد مين اثر کيا کيا انکي

---

[39] *Ism bâ musamma Fahmîda*, 'rightly named Fahmîda (intelligent),' lit. 'a name in accord with the named.' Comp. *Bâgh-o-Bahâr* (p. 7, nat. ed.), *Nâm bhî khiradmand ism bâ musamma thâ.*

[40] For *chandân* see Ch. I. 98.

[41] *Rahe bachche.* For this idiom see Ch. I. 89.

[42] *Mâr main nahîn saktâ*, an inversion of the grammatical order, *main nahîn mâr-saktâ*, used by way of emphasis.

[43] *Nirâ samjhânâ*, &c. 'Merely to explain matters to them, and that, too, at their age, is much the same as to teach old parrots to talk.' The elliptical terseness of the language reminds us that the father is thinking rather than speaking. The useful causal *samjhânâ* is very often a puzzle in translation, and the sense must be taken from the context.

[44] Read *bure hain to, be-dîn hain to*, and translate: 'Granted we are bad, granted we are irreligious, it was you who brought us up so; and now that our habits are fixed and our dispositions become a second nature, to tell us to abandon them is to criminate us unfairly.'

[45] See Ch. I. 105.

بدي انكي اولاد مين [46]سرايت نكرےگي ـ مگر پهر بهي نصوح نے مصمم اراده كرليا كہ انشا الله اپنے مقدور بهر تو كوشش كرونگا يا تو راه راست هي پر آئينگے يا جيتے جي چهوڑ دونگا [47]جو خدا كا نهين وه ميرا پهلے نهين

ابهي اچهي طرح بدن مين أٹهنے بيٹهنے كي طاقت بهي نهين آئي تهي كہ أسنے بي‌بي سے كها تهوڑا سا پاني گرم كرادو تو مين نهالون

بيوي ـ [48]كيا غضب كرتے هو هاتهہ پاؤن مين ذرا دم تو آنے دو نهانے كي ايسي كونسي ساعت ماري جاتي هي جب اصل خير سے چلنے پهرنے لگوگے خاصي طرح حمام مين جاكر غسل كرنا

ميان ـ مين نماز پڑهنے جاتا هون علالت مين طرح طرح كي بےاحتياطي هوئي هي جي قبول نهين كرتا كہ اسي حالت سے [49]نيت باندهہ لون

بيوي ـ كيا اچهے هونے كے [50]نفل مانے تهے

بي‌بي نے جو [51]نماز كي سُنكر ايسا تعجب ظاهر كيا نصوح پر

bāndhnā see Ch. I. 23. Ablution is absolutely necessary before an act of prayer is undertaken.

[50] *Nafl* is the name given to acts of prayer which are over and above the minimum laid down by the Qorân (*farz*), and are ordinarily performed on special occasions or for special reasons, such, for instance, as during fast time, or on recovery from sickness. The plural of this word is also feminine by usage, as will be observed a few lines below.

[51] *Namâz kî sunkar*: understand *bât*.

[46] *Sirâyat karnâ*, 'to infect.' The root of this Arabic verbal means 'to travel by night.' The idea of "the pestilence which walketh in darkness" at once suggests itself.

[47] *Jo Khudâ kâ nahîn woh merâ pahle nahîn*, 'He who belongs not to God has already ceased to [bel]ong to me' is an approach [to t]he sense of this expression.

[48] *Kyâ gazab karte ho*: a col[loq]uial exaggeration, which cor[resp]onds to our 'What next, [I w]onder?' or 'Monstrous!' [Wh]at are you up to now?' &c.

[49] [F]or the meaning of *nîyat*

گھڑون پاني پڑگيا اور جي ميں كہنے لگا كہ اللہ اللہ مجھ مين اور نماز مين اتني دوري ھي كہ گھروالي بي بي سُنكر تعجب كرتي ھي

[52] واے برمن واے براجام من عار دارد كفر از اسلام من

اور ايك آہ سرد كھينچكر بي بي سے كہا كہ اگر مين نفلين پڑھنے والا ھوتا تو پھلے ھي دن نھوتے

بي بي – منّت نھين نياز نھين تو پھر كيا جلدي ھي نماز كھين بھاگي نھين جاتي اچھي طرح تندرست ھو جاؤگے تو بھتيري نمازين پڑھ لينا

اب نصوح وہ نصوح نھين رھا تھا كہ بي بي كو ايسي بے وقعتي كے ساتھ نماز كا تذكرہ كرتے ھوئے سنتا اور اُسكو ناگوار نھوتا غصہ تو آيا مگر پھر اپنے جي مين سمجھا كہ بي بي كا كچھ قصور نھين جسكا شوھر بے دين ھو اُسكے ايسے ھي خيالات ھونے چاھئين تمامتر ميري خطا ھي اور ايك ميري بيديني نے سارے گھر كو تباہ كر ركھا ھي – بي بي سے اُس وقت ردّ و كدّ كرنا مناسب نہ سمجھكر اتنا ھي كہا كہ افسوس ميري ناكارہ صحبت نے تمكو كسقدر گمراہ كر ديا ھي كہ فرض خدا كو تمنے ايك سرسري سا كام سمجھا – غرض [53] بي بي كے منع كرتے كرتے نصوح نے غسل كر كپڑے بدل نماز پڑھي

آج نصوح كي يہ پھلي نماز تھي كہ اُسكو داخل عبادت كہہ سكتے ھين [54] وہ اس طرح ھاتھ باندھے ھوئے مودّب كھڑا تھا جيسے كسي بادشاہ عاليجاہ كے روبرو كوئي خوني كھڑا ھوتا ھي آنكھين زمين مين

observe what a different meaning the clause would carry if *ko* took the place of *ke*.

[54] *Woh is trah*, &c.: a graphic picture of the first act of the ceremony of worship called *niyat bândhnâ*.

[52] Persian. 'Alas for me! alas for my end! Infidelity itself would be ashamed of my Islâm.'

[53] *Bîbî ke man' karte karte*, 'In the face of his wife's dissuasions.' See Note 8 above. The student will not fail to

سي هوتي تهين هيبت سلطاني أسپر ايسي چهارهي تهي كہ نہ هلتا
تها نہ جلتا تها بس ايك بت كيطرح بے حس و حركت كهڑا هوا تها
عاجزي اور فروتني أسكے چهرے سے ظاهر تهي حكم كے مطابق
كهڑا تها ليكن جهكجهك جاتا تها اور گرگر پڑتا تها ـ غرض ايسي
ايسي حركتين أس سے سرزد هوئي تهين كہ خواه مخواه ديكهنے
والے كو رحم آئے

هفتے عشرے تك علالت كا كسل رها پهر تو خدا كے فضل سے
نصوح بدستور توانا و تندرست هوگيا مگر بيماري كے بعد أسكي عادتين
اكثر بدل گئي تهين هر وقت تو وه كچهہ سوچ مين رهتا تها بے ضرورت
بكنا بے تميزي كے ساتهہ هنسنا لايعني باتون مين شريك هونا أسنے
مطلقاً چهوڑ ديا تها ليكن اسكے ساتهہ لينت تواضع وسعت اخلاق
انكسار يهہ صفتين بهي أسمين آ گئي تهين ـ بيماري سے پهلے أسكي
بدمزاجي اس درجے كي تهي كہ گهروالے أسكو هوّا سمجهتے تهے
دروازے كے اندر اسنے قدم ركها اور كيا چهوٹے كيا بڑے سب پر ايك
سهم چڑها اگر بهولے سے كوئي چيز بے موقع پڑي رهگئي اور أسنے
ديكهہ پائي سب پر ايك آفت توڑماري ـ [55] كهانے مين اٹكل هي تو
هي ذرا نمك زياده هوگيا يا مٹهلونا رهگيا بس أسي روز جانو كہ
گهر مين فاقہ هوا كتنے تو پيالے شهيد هوے كتني ركابيون كا خون
هوا سارے محلے مين خبر هوئي كہ آج كهانا بگڑا ـ بچون كو بات بات
مين جهڑكي بات بات مين گهركي [56] يا اب نصوح كے سر پر ڈهول

[55] *Khâne men atkal hí to hai*, 'Flavouring is a matter of guess-work.' An Indian dinner consists of 'made dishes' only, for the manner of eating precludes the addition of salt, &c., at table. *Mithloná* means a predominant flavour, either sweet or salt; here the sense is 'too much sweetness.' In this humorous description the author satirizes a display of temper which is proverbial in native homes.

[56] The disjunctive *yá* is here idiomatically used in the sense of 'instead of this.'

جاؤ کچھہ خبر نہین بلکہ فہمیدہ بچون کو شوخي کرتے دیکھہ خفا هوتي اور کہتي کیسے نا هموار بچے هین باپ کا تو یہہ حال هي اور یہہ اُنهین کے کان مین جاکر شور کرتے هین ذرا ڈر نہین دیکھو[57] اکھتي هي کسر نکلے گي

شروع مین نصوح کا یہہ انداز دیکھکر گھروالون کو بڑا کھتکا تھا وہ جانتے تھے کہ بیماري سے اُتھے هین ضرور هي کہ پہلے سے زیادہ نازك مزاج هوگئے هونگے [58]اس بلا کا غصہ چڑھا هي کہ کسي سے بولتے هي نہین دیکھئے یہہ قهر کس پر توٹتا هي کسکي شامت آئي هي ـ مگر نصوح نے ایسا جُلّاب نہین لیا تھا کہ اُسنے خون مین ذرا سي گرمي بھي لگي[59]رهنے دي هو ـ لوگ بیماري سے اُٹھکر چڑچڑے اور بدمزاج هوجاتے هین اور نصوح حلیم و بردبار نرم دل و خاکسار هو کر اُتھا تھا معاملات روزمرّہ مین اسکي یہہ کیفیت هوگئي تھي کہ جو رکھدیا سو چاؤ سے کھالیا جو دیدیا سو خوشي سے پہن لیا ـ نہ حجت نہ تکرار نہ غل نہ [60]غپاڑا

نصوح کي عادت بدلي تو لوگون کي مدارات بھي اُسکے ساتھہ بدل چلي جو پہلے ڈرتے تھے وہ اب اُسکا ادب ملحوظ رکھتے جنکو وحشت و نفرت تھي اب اُسکے ساتھہ اُنس و محبت کرتے ـ تھوڑے هي دنون مین گھر شور و شغب سے پاك اور لڑائي جھگڑے سے صاف هوگیا

---

[57] *Ikhattî hî kasr niklegî,* lit. 'the balance will be paid in a lump,' meaning that when he did get angry he would make up for lost opportunities by extra fierceness.

[58] *Is balâ kâ gussa.* See Ch. I. 126.

[59] *Rahne di ho.* For the tense see Ch. I. 58.

[60] *Gapârâ,* of the 1st edition, has been retained in preference to *gubârâ,* as the Cawnpore editor writes it. *Gul-gapârâ* is a common expression enough for a 'row' or 'clamour,' and the second member is an instance of 'meaningless appositive.' See Ch. I. 9.

ابتداءً نصوح کو نماز وغیرہ کا اهتمام کرتے دیکھکر گھروالون نے چنبھا کیا تھا لیکن پھر تو بےکہے دوسرون پر خودبخود ایك اثر سا هونے لگا اور نصوح اسي کا منتظر تھا کہ لوگ اس طرز اجنبي سے کسي قدر مانوس اور خوگر هولیں تو اپنا انتظام شروع کرون ـ نصوح کي جهان اور عادتین بدلي تھین وهان ایك یہ بھي تھي کہ وہ خلوت‌پسند هوگیا تھا تمام تمام دن اکیلا بالاخانے پر بیٹھا رهتا بے بُلائے اگر کوئي جاتا تو یہ بھي نہ تھا کہ اُس سے بات چیت نکرے مگر حتي‌الوسع مجمع سے الگ تھلگ رهتا تھا ـ بعض کو یہ خیال هوتا تھا کہ شاید نیند بڑھ گئي هي کوئي یہ سمجھتا تھا کہ اُترنے چڑھنے کي توانائي نہین آئي مگر فہمیدہ کو اکثر جانے کا اتفاق هوتا تھا کبھي نماز پڑھتے دیکھا کبھي چپ بیٹھے هوے ـ آخر ایك روز پوچھا کہ اکیلے تنہا چپ چاپ بیٹھے هوے تمهارا جي نہین گھبراتا تھوڑي دیر کو نیچے هي اُتر آیاکرو کہ بال‌بچون کي باتون مین دل بہلے مجھکو گھر کے کام دھندے سے فرصت نہین ملتي

نصوح ـ مین تمسے اس بات کي شکایت کرنےوالا تھا کہ جب سے مین بیمار هوکر اُٹھا هون

تمنے اتنا بھی نہ پوچھا کیا هوا کیونکر هوا

کیا تمکو میري عادات مین کچھ فرق معلوم نہین هوتا

فہمیدہ ـ رات دن کا تفاوت زمین آسمان کا فرق اور پوچھنے کو [61] تمهارے سر کي قسم کئي بار منہ تك بات آئي مگر تمهارا ڈھنگ دیکھکر جرأت نهوئي کہ پوچھون

نصوح ـ ڈھنگ کیسا

---

[61] *Tumhâre sir ki qasam.* One of the commonest forms of asseveration among women: 'the oath of your head,' 'by your head,' the speaker being supposed to place the hands on or over the person's head in token of devotion to his or her interests.

فہمیدہ ـ برا ماننے کي بات نہین مزاج تمھارا سدا کا تیز هي
یون هي هم سب لوگ تمسے ڈرتے رهتے هین جب سے بیمار هوکر
أٹھے سبکو خوف تھا ـ [62]ایك تو کریلا دوسرے نیم چڑھا ـ پہلے
هي سے بلا کا غصہ هي اب بیماري کے بعد [63]کیا ٹھکانا هي ادهر
تمکو دیکھا تو کسیکي طرف ملتفت نپایا سمجھے کہ ضرور طبیعت
برهم اور مزاج نادرست هي پھر کسکي جرأت کسکو اتني همت کہ
پوچھے دریافت کرے

نصوح ـ کیون صاحب کبھي تمنے مجھکو میرے مزاج کي
خرابي پر متنبہ نکیا

فہمیدہ ـ [64]تنبیہ کرنا درکنار بات کرنے کا تو یارا هي نہ تھا

نصوح ـ لیکن اندنون تو مین کسي پر ناخوش نہین هوا

فہمیدہ ـ گھر بھر کو اسکا تعجب هي

نصوح ـ آخر لوگ اسکا سبب کیا قرار دیتے هین

فہمیدہ ـ لوگ یہہ کہتے هین کہ وبا مین کثرت سے لوگون کو مرتے
دیکھا اپنے گھر مین تین موتین هوگئین خود بیمار پڑے اور خدا کے

---

aside.' The propriety and elegance of the ladies' diction throughout this work and the *Mirâtu 'l-'arûs*, by the same author, are true to life. Mrs. Meer Hassan Ali, an Englishwoman who married into a Shîa family at Lucknow, and published (1832) a very interesting account of her experiences, explains this refinement of language in the absence of education by the attention with which the women listen to the masculine conversation and discourses they are occasionally privileged to overhear, and by the retentiveness of their memories.

[62] *Ek to karelâ dûsre nîm charhâ* (or, as the proverb is more tersely expressed at the beginning of Ch. V., *karelâ aur nîm charhâ*), 'a *karela* to begin with, and then mounted on the *neem*,' a bitter parasite on a bitter tree—corresponding to our 'worse and worse.'

[63] *Ab . . . . kyâ thikânâ hai* 'what limit is there to it now?'

[64] *Tambîh karnâ dar kinâr bât karne kâ to yârâ hî na thâ*, 'Indeed I durst not even speak to you, let alone admonish you.' The Persian phrase *dar kinâr* corresponds to our 'setting

گھر سے پھرکر آئے دل میں ڈر بیٹھ گیا ھي - تمھارے بڑے صاحبزادے یہہ تجویز کرتے ھین کہ ڈاکٹر نے جو اسہال بند کرنے کي دوا دي دماغ مین گرمي چڑھگئي ھي - بہر کیف سب کي یہي راے ھي کہ علاج کرنا چاھئے

نصوح - نہ گرمي ھي نہ خلل دماغ ھي خوف البتہ ھي

فہمیدہ - مرد ھوکر تم اتنے ڈر گئے آخر ھم سب بھي تو اسي آفت مین تھے

نصوح - تم ھرگز اس آفت مین نہ تھین

فہمیدہ - یعني یہہ کہ مین نے ھیضہ نہین کیا لیکن تمھارا ھیضہ کرنا مجھکو اپنے مرنے سے زیادہ شاق تھا

نصوح - نہین ھیضہ کرنے کي بات نہین - بیماري اگرچہ ظاھر مین سخت تھي مگر مین تمسے کہتا ھون کہ شروع سے آخر تک میرے ھوش و حواس سب درست تھے تمھاري ساري باتین مین سُنتا اور سمجھتا تھا ابتداے علالت مین جو تم لوگون نے ھیضۂ امتلائي تجویز کیا پھر صبح کو حکیم صاحب تشریف لائے اور میري کیفیت تمنے اُنسے بیان کي پھر ڈاکٹر آئے اور اُنھون نے دوا پلائي مجھکو سب خبر ھي جب تم لوگون نے ڈاکٹر کے کہنے سے مجھکو علحدہ دالان مین لٹایا تو مجھکو غنودگي سي آ گئي اور مین نے اپنے تئین دوسرے جہان مین دیکھا

اسکے بعد نصوح نے خواب کا سارا ماجرا حرف بحرف بي بي سے بیان کیا - مردون کي نسبت عورتون کے دلون مین نرمي اور رقت زیادہ ھوتي ھي اور یہي وجہ ھي کہ مذھبي تعلیم عورتون مین جلد اثر کرتي ھي - فہمیدہ نے جو میان کا خواب سُنا اس قدر خوف اُسپر طاري ھوا کہ قریب تھا کہ غش آ جاے - نصوح اگرچہ تنہائي مین اپنے گناھون پر تاسّف کرکے ھر روز دو چار مرتبہ رولیا کرتا تھا اور ظاھر مین نہین بھي روتا تھا تو اندر سے اُسکا دل ھر وقت روتا

رهتا تهـا اب بي بي كي همدردي اور همدمي كا سهارا پاكر تو اتنـا
رويا اتنا رويا كہ گهگهي بندهہ گئي ـ فهميده پهلے هي خوف‌زده هو
رهي تهي مياں كا رونا اُسكے حق مين [65]اونگهتے كو ٹهيلتے كا بهانہ
هوا اسنے بهي بلبلاكر رونا شروع كيا ـ آخر نصوح نے اپنے تيئں سنبهالا
اور بي بي سے كها كہ دنيا مين اگر كوئي چيز رونے كے قابل هي تو
ميرے نزديك گناه اور خدا كي نافرماني هے اور بس ـ ليكن همكو اپني
آينده زندگي كا انتظام بهي كرنا ضرور هي ندامت وهي سند هي كہ
افعال مابعد ميـن اُسكا اثر ظاهـر هو توبہ وهي پكّي هي كہ آدمي جو
دل مين سوچے يا مُنہ سے كهے ويسا هي كر دكهائے

فهميده ـ ليكـن اتني عمر اس خرابي مين بسر كي اب نجات
مغفرت كي كيا اميد هي ميـن تو جانتي هون كہ [66]همارا مرض علاج
سے درگذرا

نصوح ـ خدا كي رحمـت سے مايوس هونا بهي كفـر هي وه بے
نياز بڑا غفور رحيم هي لاكهہ گناه كرو جهان [67]عجز و الحاح كيا منت
و سماجت سے پيش آئے بس پهر كچهہ نهين

[68] اگر خشم گيرد بكردار زشت   چو باز آمدی ماجرا در نوشت

وه معبود جابر نهيـن سخـت‌گير نهيـن كينه‌ور نهين مگر هي كيـا كہ

---

[65] *Unghte ko thelte kâ bahâna.* Fallon renders this, 'the drowsy drops—someone shoved him.' Better, 'the dozer topples over and then pretends that somebody is pushing him.' The proverb is applied to excuse-makers in general: *qui s'excuse s'accuse.* Fahmîda makes her husband's tears the excuse for her own weeping.

[66] *Hamârâ marz 'ilâj se dar-guzrâ,* 'our disease is past cure.' From the idea of 'passing by' the word *dar-guzarnâ* has acquired the sense of pardoning, of which an example occurred at p. 36 line 2.

[67] *'Ajz wa ilhâh kyâ,* 'to say nothing of (or, why speak of?) abasement and importunity.' Compare with this sense of *kyâ* the rendering it receives in the clause translated at Note 21.

[68] This couplet is from the *Bostân* of Sadi. Translate: 'If he be angry with thy evil deeds, yet when thou repentest, he will forgive the past.'

غیور بڑا هي اسکي مطلق برداشت نهین کہ کسیکو اسکا شریك خدائي گردانا جاے

فہمیدہ ـ [69]کتنا هي عفو و درگذر کیون نهو مگر [70]اپنے گناهون کي بهي کچهہ انتها هي ـ مان باپ کو جیسي اولاد کي مامتا هوتي هي ظاهر مگر دیکهو [71]کلیم کي حرکتون سے میرا تمهارا دونون کا جي آخر کهٹا هو هي گیا کتني برداشت کهانتك چشم پوشي

نصوح ـ خدا کي پاکیزه اور کامل صفتون کو آدمي کي ناقص و ناتمام عادتون پر قیاس کرنا بڑي غلطي هي ـ تمام دنیا کے مان باپون کو جو اولاد کي محبت هي وه ایك شمہ هي اُس عنایت بیغایت اور لُطف و شفقت بے منت کا جو خداوند کریم هر حال مین اپنے بندون پر فرماتا هي ـ گناه اور نافرماني انسان کے خمیر مین هي اگر بندون کے گناه پر اُسکو نظر هوتي تو هر هر متنفس کشتني اور گردن زدني تها [72]دنیا کاهیکو بستي ـ لیکن [73]الله رے درگذر گناه بهي هو رهے هین اور رزق کا راتب جو سرکار سے بندها هي موقوف هونا کیسا کبهي ناغہ بهي تو نهین هوتا ـ پس جبکہ خدا ایسے ایسے گناه اور ایسي ایسي نافرمانیون پر نیکي سے نهین چوکتا تو یهہ بات اُسکي ذات ستوده صفات سے بهت هي مستبعد معلوم هوتي هي کہ

---

[69] For another example of this idiom see Ch. I. 100.

[70] *Apne gunâhon kî bhî kuchh intihâ hai*, 'there surely is a limit to our transgressions.' The reflexive genitive here refers to the *speakers*, and not to the grammatical subject. See Kellogg, § 592 (*b*); Pincott's *Hindî Manual*, p. 119; and comp. Ch. I. 85.

[71] *Ḳalîm*, as will be seen, is the eldest son, on whose proceedings much of the interest of the tale depends.

[72] *Dunyá káhe-ko bastí*, 'How would the earth have been peopled?' The contingency, which renders necessary the employment of the past conditional in this question, is implied in the preceding clause. Cp. Ch. I. 79.

[73] *Allah re! dar-guzar!* 'O God, the Pardoner!'

أسکي درگاه مين معذرت کيجاے اور نہ بخشے توبہ کيجاے اور قبول نکرے

اسي وقت مياں بي بي دونون نے دعا کيواسطے هاتھ پھيلا دئے اور گڑگڑا گڑگڑاکر اپنے اور ايك دوسرے کے گناهون کي مغفرت چاهي ـ اسکے بعد فهميده مسرت و اطمينان کي سي باتين کرنے لگي مگر نصوح کي افسرده دلي بدستور باقي تهي تب فهميده نے پوچها کہ جب توبہ کرنے سے گناهون کا معاف هوجانا يقيني هي اور آينده کيواسطے هم عهد کرتے هين کہ پهر ايسا نکرينگے تو کيا وجہ هي کہ تم اداس هو

نصوح ـ ميري افسردگي کي ايك وجہ هي کہ کسي طرح اس سے ميرا قلب مطمئن نهين هوتا

فهميده ـ وه کيا

نصوح ـ وه يہ هي کہ مين تو بگڑا هي تها مين نے ان بچون کو کيسا غارت کيا [74]ميري ديکها ديکهي يہ بهي گئے گذرے هوئے ـ تم ديکهتي هو کہ چهوٹے بڑے سب ايك رنگ مين هين کسيکو بهي ديداري سے مس هي کوئي بهي خداپرستي کي طرف رغبت رکهتا هي اور رغبت هو تو کهان سے هو نہ تو گهر مين دين و مذهب کا چرچا کہ خير دوسرون کو ديکهکر آدمي نصيحت پکڑے نہ کوئي کهنے اور سمجهانے والا کہ نيك و بد کا امتياز سکهائے

ايك نابکار کو ديکهو کہ وه [75]ماش کے آٹے کي طرح هر وقت اينٹهتا هي رهتا هي کبهي سينے پر نظر هي کبهي بازوؤن پر نگاه هي

---

[74] *Merî dekhâ-dekhî*, 'with my example before their eyes.' Compare '*Alîm kî dekhâ-dekhî* in Ch. IX., 'at sight of Alîm.' See also Kellogg, § 683 (3) *b*.

[75] *Mâsh ke âte*, &c., 'he is always twisting himself about like peasmeal, now looking at his chest, now surveying his arms.' Cp. Ch. X. 16.

آدمزاد هوکر [76] لقّا کبوتر کا پٹّھا بنا پھرتا هي اتنا اکڑتا هي اتنا اکڑتا هي کہ گردن گُدّي مین جا لگي هي ـ کپڑے ایسے چُست کہ گویا بدن پر سئے گئے هین [77] چھاتي پر انگرکھے کے بند هین گھٹنون تک پاېجامے کي [78] چوڑیان پڑي هین ایک [79] دیولي برابر ٹوپي هي کہ خودبخود گري پڑتي هي ـ دوسرا ناهنجار صبح اُٹھا اور کبوتر کھول باپ دادے کا نام [80] اُچھالنے کوٹھے پر چڑھا پھر سوا پھر دن چڑھے تک [81] کوٹھے پر دھما چوکڑي مچائي مارے باندھے مدرسے گیا عصر کے بعد سے پھر کوٹھا هي اور کنکوا هي شام هوئي اور شطرنج بچھا اتوار کومدرسے سے چھٹي ملي تو بٹیرین لڑائین ـ تیسرے نالائق ـ [82] بڑے میان سو بڑے مُیان چھوٹے میان سبحان الله محلہ نالان ـ [83] همسائے عاجز اسکو مار اُسکو چھیڑ چارون طرف ایک تراه تراه مچ رهي هي ـ غرض کچھ اس طرح کے بےسُرے بچے هین ناهموار آواره بےادب بےتمیز بےحیا بےغیرت بےهنر بدمزاج بدزبان بدوضع کہ چند روز

---

[76] *Laqqâ kabûtar kâ patthâ*, 'a young fan-tail pigeon.' The origin of the term *laqqâ* is obscure. Both Fallon and Platts spell the word *laqâ*, but the derivation suggested by the latter is unsound.

[77] *Chhâtî par*, &c., 'the tie-strings of his tunic are on his chest,' that is, unnecessarily high up.

[78] By *chûriyân* are meant the wrinklings or puckerings of the tight-fitting drawers.

[79] The *diwlî* is a small earthen saucer, generally used in illuminations.

[80] The word *uchhâlnâ*, which means to 'exalt,' is used for the 'throwing up' of pigeons for a flight. It is, of course, ironical, as it stands here.

[81] *Kothe par dhamâ-chaukri.* The *kothâ* is the flat roof over the *bâlâ-khâna*, or upper chamber, of native houses, and the sound of the boy's stamping about overhead is humorously described by *dhamâ-chaukrî*, which properly means the noise made by an animal bounding on its *four* hoofs,—the *Quadrupedante pedum sonitu* of the galloper in Virgil.

[82] This jingling proverb applies to the riotous sons of an ill-conducted household. The elder sons are bad enough, but the youngest is the worst.

[83] *Hamsâ'e*, &c., 'The neighbours are helpless :—What with Beat this fellow! Badger that fellow! cries for mercy resound on all sides.'

سے دیکھ دیکھکر میری آنکھون مین خون اُترتا هي انكي حركات و
سكنات نشست و برخاست كوئي بهي تو بهلےمانسون كي سي نهين
گالي دينے مين انكو باك نهين فحش بكنے مين انكو تامل نهين
[84] قسم انكا تكيہ كلام هي نہ زبان كو روك هي نہ منہ كو لگام هي ـ
انكي چال هي كچهہ عجب طرح كي اُكهڑي اُكهڑي هي كہ بے
تهذيبي انكي رفتار سے ظاهر هي

[85] رهين لڑكيان مين تسليم كرتا هون كہ اُنمين اس طرح كے عيوب
نهونگے جو لڑكون مين هين ليكن ساتهہ هي مجهكو اسكا تيقن هي كہ
ديندارانہ زندگي تو كسيكي بهي نهين ـ اُنكو بهي اكثر گڑيون مين
مصروف پاتا هون يا كنبے مين كوئي [86] تقريب هونےوالي هوتي هي تو
كپڑون كا اهتمام كرتے هوے ديكهتا هون لڑكے گاليان بهت بكتے
هين تو لڑكيان كوسنے كثرت سے ديا كرتي هين قسم كهانے مين
جيسے وہ بيباك هين يہ بهي بےدهڑك هين ـ بهركيف كيا لڑكے كيا
لڑكيان ميرے نزديك تو دونون كچهہ ايك هي طرح كے هين ـ ان سب
كي يہ تباہ حالت ديكهكر مين زهر كے سے گهونٹ پيكر رہ جاتا
هون مگر پهر ديكهتا هون تو انكا كچهہ بهي قصور نهين خطا اگر هي
تو ميري هي اور تمهاري ـ انكے عيوب پر جهڑكنا اور ملامت كرنا
كيسا [87] همنے كبهي انكو روكا تك بهي تو نهين

---

expletive of the Englishman in India.

[84] *Qasam unkâ takya-kalâm hai*, 'they never speak without an oath.' *Takya-kalâm* is generally applied to the "expletives" with which unready persons eke out their talk. I remember a native squib in which the European official was satirically called "Well Sahib," 'well' being supposed to be a characteristic

[85] *Rahîn larkiyân.* See Ch. I. 89.

[86] *Taqrîb*, the Italian *festa*.

[87] *Hamne kabhî inko rokâ tak bhî to nahîn*, 'we never even so much as checked them.' For this idiomatic use of *tak*, see Ch. I. 14.

فهميدة ـ تم تو باهر كے اُٹهنے بيٹهنے والے [88]ٹهيرے اسمين تو ميرا هي سراسر قصور هي ـ بچے ابتدا مين ماؤن هي سے زيادة مانوس هوتے هين اور ماؤن هي كي خوبو پكڑتے هين بلكہ تم جب كبهي انكو نصيحت كرتے اور كسي بات پر گهُركتے تو مين اُلٹي انكي حمايت ليتي تهي ان سبكو مين نے خراب كيا اور اسكا الزام بالكل ميري گردن پر هي

نصوح ـ بيشك تمنے بهي انكي اصلاح مين كوشش نهين كي ليكن پهر بهي مين باپ تها تمسے انكي پرورش متعلق تهي اور مجهسے انكي اصلاح و تهذيب

فهميدة ـ [89]هان مين نے انكے بدنون كو پالا اور انكي روحون كو تبَاه اور هلاك كيا ميري هي بيهودة محبت نے انكي عادتين بگاڑين ميرے هي نامعقول لاڈ پيار نے انكے مزاجون كو گندة انكي طبيعتون كو بے قابو بنايا

نصوح ـ ليكن اگر مين اپنے كام پر آمادة و سرگرم هوتا تو ممكن نتها كہ مين كهون اور نہ سنين مين چاهون اور نہ كرين آخر مين انپر ضابط تها مين انپر هر طرح كي قدرت [90]ركهتا تها اور نہ صرف انپر بلكہ تمپر اور سارے گهر پر

---

is due to the compound form of the verbal expression only: in fact, in this instance, *ko* serves to sever the object from the predicating adjective. It is *convenient* in another way, for, had it not been introduced, the difference in the genders of *mizâj* and *tabî'at* would have necessitated the employment of two verbs instead of one.

[90] A word or two on the use of *rakhnâ* in the sense of 'have.' As a rule, when the object is animate or moveable, it is bad idiom to employ *rakhnâ* in this

[88] *Thaire*, 'were regarded as.' I have adopted the author's spelling of this word instead of the clumsy *thaharnâ* of Hindî.

[89] This sentence illustrates the remarks made at Ch. I. 141. The first two of the *objects* named by the speaker, viz. 'bodies' and 'souls,' *distinctive* elements in the *personality* of her children, take *ko* as a matter of course. With the following vaguer terms, 'habits,' 'tempers,' and 'dispositions,' the particle was *unnecessary*. Its use with the two latter

فهميدہ ۔ پھر بھي جس قدر بُرائيان مجھپر ظاھر ھوتي رھتي تھين اُنكا شايد دسوان حصہ بھي [91]تمپر منكشف نہوتا ھوگا جان بوجھكر ميري عقل پر پردہ پڑگيا ديكھتے بھالتے مين اندھي بني رھي ۔ اب بھي جو جو خرابيان انكي مين جانتي ھون تمكو معلوم نہين ديكھو لڑكيان ھي ھين كہ تم گُڑيان كھيلنے اور كپڑون كا اھتمام كرنے كے سواے اُنكے حالات سے محض بے خبر ھو مين نہ جانتي ھون كہ اُنكے مزاجون مين كيا كيا خرابيان ھين انكي عادتون مين كيسے كيسے بگاڑ ھين

نصوح ۔ پھر آخر كيا كرنا ھوگا

فهميدہ ۔ ميرے گمان مين ان چھون كي اصلاح تو اب ھمارے امكان سے خارج ھي

نصوح ۔ البتہ ناممكن نہين تو نہايت دشوار ھونے مين بھي كچھہ شك نہين

فهميدہ ۔ دشوار تم ھي كھو آسمان مين تھگلي كا لگانا ممكن ھيْ اور انكي اصلاح ممكن نہين [92]ادھر كي دنيا اُدھر ھو جاے مگر يہ درست ھونے والے نہين ۔ كيا تم نہين ديكھتے كہ كليم ايك ايك بات كے سو سو جواب دينے كو موجود ھي اور ايك كليم پر كيا الزام ھي ۔ جتنے بڑے [93]وُتنے كڑے جتنے چھوٹے وتنے كھوٹے

نصوح ۔ تو كيا انكو اسي گمراھي مين رھنے دين كہ اور بدتر ھون ۔ انكو باختيار خود چھوڑدين كہ پيٹ بھركر خراب ھون

---

sense; for instance, *kuttâ rakhtâ hûn—kitâb rakhtâ hûn*, may mean 'I have a dog,' 'I have a book'; but *kuttâ mere pâs hai—kitâb mere pâs hai*, are better Hindustání. Cp. p. 32, line 8.

[91] *Tum par munkashif na hotâ hogâ*, 'will not be coming under your observation,' or more literally, 'will not be in the way of being disclosed to you.' The nicety of the tense is very remarkable. See Note 10 above.

[92] *Idhar kî dunyâ udhar ho-jâe*, 'this world may become the next.' Cp. the expression, *zamîn âsmân kâ farq*, p. 53, line 19.

[93] *Wutne*. The Braj form वुतने of the old proverb is preserved.

فہمیدہ ـ بڈھے طوطون کا پڑھانا پکّي لکڑي کا لچکانا تم سے ہو سکے [94] تو بسم‌الله ـ کیا خدا نخواستہ مین مانع و مزاحم ہون مگر [95] مین ایسي ان‌ہوني کا بیڑا نہین اُٹھاتي ـ [96] ایاز قدر خود بشناس ـ مین خوب جانتي ہون کہ بیٹون کي نظرونمین میرا کتنا وقر ہي بیٹیان کتنا میرا ادب لحاظ کرتي ہین رشتے مین مان ضرور ہون مگر [97] افتاد سے مجبور ہون کوئي میرے بس کا نہین

نصوح ـ لیکن تم خود کہتي تہین کہ بچّون کي اصلاح تمپر فرض تہي اور جب تک مادري و فرزندي کا تعلق باقي ہي وہ فرض تمہاري گردن پر لدا ہي ـ مین نے ایک دن بڑے سویرے نہین معلوم کس بچّے کو چاہا کہ باہر حکیم کو لیجاکر دکہادون تم اُس وقت اُسکا مُنہ دھُلانے کو اُٹہین مین جلدي کرتا تہا اور تم کہتي تہین کہ ذرا صبر کرو مُنہ دھُلادون کُرتہ بدل‌دون اس حالت سے لیجاوگے تو حکیم صاحب کیا کہینگے کہ گہروالي کیسي پہوہڑ ہي کہ بچّون کو ایسا ناصاف رکہتي ہي ـ بیشک وہ بات تمہاري بہت معقول تہي لیکن جب یہہ تمہارے بچّے گندي روح اور ناپاک دل لیکر خدا کے حضور مین جائینگے تو کیا تم پہوہڑ نہین بنوگي وہان یہہ معذوري اور مجبوري کچہہ نہین سُني جایگي

---

[94] *To Bismillah!* 'Then do it in God's name!' The invariable utterance of a Moslem, whatever he does or essays to do.

[95] *Main aisî an-honî kâ bîrâ nahîn uthâtî,* 'I do not undertake such an impossibility.' The *bîrâ*, or 'betel leaf,' corresponds to our mediæval 'challenge gauntlet.'

[96] *Ayâz qadr-i-khûd bi-shinâs,* 'Ayâz, know thine own worth!' or, to make the meaning of the proverb clear, 'remember thine old estate.' Ayâz was a slave of Sultân Mahmûd, who raised him to great honour. He is said to have kept his old garments by him as a lesson of humility, and to have uttered these words from time to time as a reminder.

[97] *Uftâd se majbûr hûn,* 'I cannot help being moulded as I am.' This sense of *uftâd* does not appear to have been noticed by Fallon or Platts.

کہ خدا نخواستہ تمکو کھانے کي تکليف هي مگر صورت تمهاري يہہ هي کہ بدن پر بوٹي نہين هاتهہ پانوٴن مين جان نہين هر سال جلّاب هر مهينے فصد [45] آئے دن دوا ـ [46] مجهکو ديکهو کہ خدا کے فضل سے تمسے دوني نہين تو ڈيوڑهي مين شك بهي نہين ايك هاتهہ سے تمهارے دونون هاتهہ پکڑلون تو بيوي صاحب سے هلا بهي نہ جاے

نعيمہ ـ بيماري بهي اميري کا تمغا هي نگوڑے بهوکهے جنکے پيٹ کو روٹي ميسّر نہين وہ کيا بيمار پڑينگے

صالحہ ـ يہان تمغے اور خلعت کا مذکور نہين هي تکليف اور آرام مين گفتگو هي

نعيمہ ـ جي تو خوش کرلو ـ لومڑي کو جب انگور نہين ملتے تو وہ انکو کهٹا کہاکرتي هي

صالحہ ـ [47] اپني اپني سمجهہ هي تو هي تم ميرے تئين جانتي هو کہ يہہ تکليف مين هي اور مين کہتي هون کہ تم ايسے عذاب مين مبتلا هو کہ خدا دشمن کو بهي نصيب نکرے ـ کهانے پينے کے عيش و آرام جو تمکو ميسر هين انکا نتيجہ تو يہہ هي کہ تم سدا کي دکهيا اور هميشہ کي روگي بن رهي هو ـ [48] رها کپڑا کچهہ تم هي اسکو پهنکر اپنے جي مين خوش هوتي هوگي ابهي خالوجان يا بڑے بهائي آجائين تو سواے اسکے کہ تم انکے سامنے سے هٹ بيٹهو اور

[45] *Ā'e din dawā*, 'medicine every day.' Ch. I. 99.

[46] *Mujhko dekho*, &c., 'Look at me! by God's blessing, if I am not twice as big as you, I am certainly half as big again; were I to grasp your two hands with my one, my lady could not stir.'

[47] *Apnī apnī samajh hī to hai*, 'Everybody has his own ideas'; referring to what follows.

[48] *Rahā kaprā*, &c., 'As for fine clothes, *you* indeed will feel a pleasure in wearing them; but the moment my uncle or cousin comes in, you have nothing for it but to slink away.'

For the argumentative use of *rahā*, see Ch. I. 89. The tense of the following verb is the 'present presumptive.' See Ch. II. 10.

فہمیدہ ـ کچھ مجھکو انکار نہین گریز نہین نہ مین یہہ کہتي هون کہ بچون کي اصلاح همپر فرض نہ تهي یا اب نہین هي بلکہ مجھکو انکي اصلاح سے یاس کلّي هي ـ بهلا کہین ٹهنڈے لوهے بهي پیٹنے سے درست هوئے هین

نصوح ـ لیکن همپر اسي قدر لازم هي کہ کوشش کرین اور نتیجے کا مترتب هونا اثرکا پیدا کردینا همارا کام نہین یہہ خدا کے اختیار مین هي ـ اورکون جانے کہ خدا همارے ارادے مین برکت هماري تدبیر مین تاثیر دے اور یہہ درست هو جائین تو کیا تمکو مسرت نہوگي ـ کوشش مین ناکام رهنا اور مطلقاً کوشش نکرنا ان دو باتون مین زمین آسمان کا فرق هي انجام دونون کا ایك هو مگر کوشش کا کرنا همارے لئے ایك وجہ براءت هي ـ مجھکو انکار نہین کہ معمولي تدبیرین اب محض بے سود هین مادّہ سخت هي تو جلّاب بهي کوئي بڑا کڑا دینا هوگا

فہمیدہ ـ لیکن اگر بچون کے ساتھ تم اس طرح کي سختي برتوگے تمام دنیا تهڑي تهڑي کریگي اور سختي سے بچون کے دلون مین دوني ضد اور نفرت پیدا هوگي

نصوح ـ اگر مین یہہ سمجھون کہ مین اپنے ذمے کا ایك فرض ادا کرتا هون تو دنیا کے کہنے کي انشاءالله مجھکو مطلق پروا نہوگي ـ لوگون کو اختیار هي. جو چاهین سمجهین اور جو چاهین سو کہین لیکن سختي خود میرے نزدیك ایك تدبیر نامناسب هي اور مین خوب سمجھتا هون کہ بڑے لڑکے کسي طرح سختي کي برداشت نہین کرسکتے اور اگر اُنکے ساتھ خشونت اور درشتي سے پیش آؤنگا تو بالکل اُلٹا اثر هوگا اور جبکہ مین خود اُنکي خرابي کا باعث هوا هون تو سختي کا مین سزاوار هون نہ وہ

فہمیدہ ـ بهلا پهر سختي کروگے نہین اور نرمي سے کام نکلتا

نهين اسي نرمي نـے تو انكو اس [98]هدڑے تك پهونچايا تو آخر وهي بات هوئي كه [99]هونا هوانا كچهه نهين ناحق كا درد سر هي

نصوح – مين اس شعر پر عمل كرونگا

[100] درشتی و نرمی بهم در به است   چو رگزن که جرّاح و مرهم نه است

نرمي كي جگهه نرمي اور سختي كے محل پر سختي – اور ميرا دل گواهي ديتا هي كه انشاءالله مين اپنے ارادے مين كامياب هونگا – مگر بے تمهاري مدد كے يهه اراده پورا نهين هو سكتا

فهميده – مين دل و جان سے مدد كرنے كو موجود هون مين جانتي هون كه تم انهين كي بهتري كيواسطے كهتے اور كرتے هو

نصوح – بهلا چهوٹے چهوٹے بچّون كو تم سنبهال لوگي

فهميده – انكا درست كرلينا كيا مشكل هي يهه تو موم كي ناك هين جدهر كو پهيردو پهرگئے بلكه شايد انكو منهه سے كهنے كي بهي

---

above), 'possibility of action' fairly expresses the sense of the phrase. The following sentence from an article in the *Oudh Akhbâr* (March 1885), in which the writer speaks of the use of Indian regiments at Suâkin, is another illustration :—*Garmî kî fasl men kuchh honâ-huwânâ zâhir hai*, 'possibility of action in the hot season is obvious.'

[100] Translation of Persian couplet : 'A mixture of severity and lenity is best, such as the leech uses, who is both a surgeon and a plasterer of ointment.'

[98] *Hadrá*, 'mess,' 'tangle,' 'perplexity,' &c. The word is rarely used outside the zenana, and is not given in the dictionaries.

[99] *Honâ-huwânâ kuchh nahîn*, 'there is no possibility of action.' This compound verbal is more common in colloquial language than in books. As to form, it may be compared with the junction of the simple and causal verb of which an illustration was noticed at Ch. I. 95. The literal meaning is 'being and being made to be,' and, bearing in mind that the idea of possibility attaches to *honâ* (see Note 95

حمیدہ - مین سب لوگونکو خدا کي قسم کهاتے تو سنتي هون اور جب کبهي امان جان تم خفا هوتي هو تو کهاکرتي هو خدا کي مار اور تجهسے خدا سمجهے - شاید خدا [3]بیچا کو کهتے هین مگر بیچا هوتي تو اسکي قسم نہ کهاتے

مین - حمیدہ [4]توبہ کرو توبہ خدا بیچا نهین هي خدا وہ هي جسنے هم سبکو پیدا کیا هي وهي روزي دیتا هي وهي مارتا هي وهي جلاتا هي وهي پالتا هي

حمیدہ - کیا امان جان تمکو بهي خدا هي نے پیدا کیا هي

مین - هان مجهکو بهي

حمیدہ - اور ابا جان کو بهي

مین - هان تمهارے ابا جان کو بهي

حمیدہ - اور [5] ننّي بوا کو بهي

مین - هان ننّي بوا کو بهي

حمیدہ - امان جان کیا هر روز همارے گهر مین کهانا نهین پکتا

مین - کیون نهین پکتا

حمیدہ - پهر تم تو کهتي هو کہ خدا سبکو کهانے کو دیتا هي

Mahomedans, and borrowed for profane use, as often happens, from the vocabulary of religion. See another example at Ch. V. 50. Here the meaning is much the same as our 'For shame!'

[5] *Nannî bûâ*, 'my little sister.' *Bûâ* is the usual appellative of the younger ladies of the zenâna, whether sisters or sisters-in-law, or cousins. No further mention of this child's existence occurs in the narrative, though some notice is taken of the infant grandson.

[3] *Bîchâ*, 'scarecrow,' for which the ordinary term in the Doab is *bijhgâh* or *bhichgâh* (see Elliott's *Glossary*); and *bîchâ* is probably a zenâna corruption of this word. Fallon and Platts confine the meaning to 'mask,' but the former quotes a verse from Rangîn, in which 'scarecrow' is the obvious sense; and Rangîn, be it remembered, uses the *rekhtî*, or *zanâna bolî*.

[4] *Tauba karo! tauba!* An exclamation of surprise or disapproval, common among the

مین ـ اللّہمیان پاني برساتے هین اللّہمیان غلّے اور میو ے اور ترکاریان هم لوگون کیواسطے زمین مین اُگاتے هین وهي هم سب لوگ کهاتے هین

حمیدہ ـ نتّي بوا کو تو امّا جان تم دودهہ پلاتي هو

مین ـ دودهہ بهي اللّہمیان هي [6]اتارتے هین [7]تمهاري هي دفعہ اسني دودهہ کے پیچهے برسون مصیبت اُتهائي چهتي تك [8]الغارون دودهہ تها چهتي نهاکر اُتهي کہ یکایك جاڑا چڑها بخار آیا تو کس شدت کا کہ [9]الامان تمام بدن سے آنچ نکلتي تهي [10]وہ پهر بهر کا بخار آنا اور دودهہ کا تاؤ کها جانا پهر بهتیري [11]ستاول پهانکي زیرہ پیا حکیم کا علاج کیا تمهارے داداجان خدا جنت نصیب کرے هر روز صبح کو [12]طشتري لکهدیاکرتے تهے مگر دودهہ کچهہ [13]ایسي گهڑي کا سوکها تها کہ [14]پهر نہ اُترا پر نہ اُترا ـ جب دیکها کہ بچي بهوك کے

---

and stalks are pounded and given in the form of a powder, as the word *phânkî* shows, for the purpose indicated in the text. *Sathorâ* in the *Bâg-o-Bahâr*, appears to be the same thing.

[12] *Tashtarî likhnâ* is a technical term for the practice of writing words from the Qoran on drinking vessels, by way of charming or sanctifying the liquid.

[13] *Aisî gharî kâ sûkhâ*, 'so quickly dried up.' For examples of the use of the genitive with participles and adjectives, see Pincott's *Manual*, p. 87.

[14] This form of repetition is a mode of emphasis, of which several examples occur in this tale. It is expressive here of the great disappointment felt by
the time. Cf. Ch.

[6] *Utârnâ* has here the particular sense of 'cause to flow.'

[7] *Tumhârî hî daf'a*, 'at your time,' meaning when you were an infant at the breast.

[8] *Algâron*: a Turkî word, pluralized in the Hindî mode, and signifying 'quantities.' *Al-gâr*, in its native sense, is 'the horde.'

[9] *Al-amân*: an interjection, adopted from the Arabic, which conveys something of the sense of our 'Mercy on us!'

[10] *Woh pahar bhar kâ bukhâr ânâ aur dûdh kâ tâ'û khâ-jânâ*, 'A few hours' fever and the milk was completely dried up.' This conjunction of the infinitives to express an immediate result, has already been noticed at Ch. I. 13.

[11] *Satâwal*: a common herb in Upper India. The dried pods

مارے [15] پھڑکي چلي جاتي هي ناچار انّا رکهي اور وه عذاب اُٹھائے
که خدا دشمن کو بهي نه دکهائے ـ [16] خدا نے زندگي بخشي تهي که تم پل گئين

حميده ـ تو اللّه‌ميان بڑے اچھے هين هم سبکو کهانے کو ديتے
هين هماري ننّي بوا کيواسطے دودھ اتارتے هين ليکن امان‌جان
اللّه‌ميان سے همارا کچھ رشته ناتا هي که اتنے [17] سلوك کرتے هين

مين ـ رشته ناتا يه که هم انکے بندے هين مرد انکے غلام هين
عورتين انکي لونڈيان هين

حميده ـ لونڈي غلامون کے ساتھ اتنا سلوك که کوئي اپنے بچون
کے ساتھ بهي نهين کرتا ـ ليکن لونڈي غلام تو اپنے مالك کي خدمت
کرتے هين ٹہل کرتے هين هم اللّه‌ميان کا کونسا کام کرتے هين

مين ـ يهي نماز جو تمنے اپنے باپ کو پڑھتے ديکهي اور جسکو
عبادت کهتے هين

حميده ـ هان نماز اللّه‌ميان کا کام هي تو سبهي کو نه پڑهني
چاهئے کيونکه لوندي غلام سب هين اللّه‌ميان کي دي هوئي روٹي
سب کهاتے هين

مين ـ بيشك خدا کي عبادت سب پر فرض هي

حميده ـ امان‌جان تم تو نماز نهين پڑهتين کيا تم اللّه‌ميان کي
لونڈي نهين هو اور کيا تم اسکي دي هوئي روٹي نهين کهاتين

حميده نے جو ساده‌دلي اور بهولے‌پن سے يه الزام ديا مجهکو اس
قدر شرم آئي که زمين پهٹ گئي هوتي تو مين سما جاتي ـ جواب
ديا ـ مين لونڈي بيشك هون اور خدا هي کي دي هوئي روٹي کهاتي
هون ليکن کيا بعضي لونڈيان نکمي اور کام‌چور اور نمکحرام اور

---

[15] *Pharkî chalî jâtî hai,* 'is going into convulsions.'

[16] *Khudâ ne zindagî bakhshî thî,* lit. 'God gave a li[fe … you] were reared': [in other] words, 'It was a miracle that you were reared at all.'

[17] *Sulûk* is both singular and plural in Urdû, and is always used in a good sense.

بے غیرت نہین ہوتین ـ ویسي هي اللہمیان کي ایك لونڈي مین هون

حمیدہ ـ ابا جان بهي تو اب بیماري سے اٹهکر نماز پڑهنے لگے هین کیا اس سے پہلے وہ خدا کي دي هوئي روٹي نہین کهاتے تهے

مین ـ وہ بهي برا کرتے تهے

حمیدہ ـ اچهي امان جان اللہمیان خفا هوئے هونگے

مین ـ خفا هونے کي تو بات هي هي

حمیدہ ـ ایسا نہو روٹي بندکردین تو پهر هم کہان سے کهائینگے اور اگر ننّي بوا کا دودهہ سوکهہ جائیگا تو هماري ننّي روئیگي

یہہ کہکر حمیدہ رونے لگي ـ مین نے اٹهاکر گلے سے لگالیا اور پیار کیا لیکن جسقدر مین اسکو تسلي دیتي تهي وہ اور دونا روتي تهي مجهسے بهي ضبط نہوسکا اور مجهکو روتے دیکهکر وہ اور بهي بیتاب هوگئي ـ آخرتري بڑي مشکلون سے مین نے اُسکو سنبهالا اور کہا کہ حمیدہ تم ڈرومت اللہمیان کا یہہ دستور نہین هي کہ جو لونڈي غلام کام نکرین اُنکا کهانا بندکردین

حمیدہ ـ سچ

مین ـ هان هان تم گهبراؤ مت

حمیدہ ـ اچهي امان جان ننّي کو پلاکر دیکهو دودهہ هي یا نہین

مین ـ بیٹي ننّي کو سونے دو اور دودهہ سے اطمینان رکهو دودهہ خدا کا دیا هوا بہت

حمیدہ ـ همارے گهر مین تو لونڈي غلام نہین نوکرچاکر هین مگر کام نہین کرتے تو تنخواہ کاٹ لي جاتي هي ابّاجان جُرمانہ کردیاکرتے هین گهر سے نکال دیتے هین اللہمیان اپنے لونڈي غلامون پر بهي خفا نہین هوتے تو ایسے مالك کا کام تو اور بهي جي لگاکر کرنا چاهئے ـ کیا کام نکرنا اور کهانا بیغیرتي نہین هي

مین - بڑي بيغيرتي كي بات هي

حميده - اما جان مين نے تو آج تك نماز نهين پڑهي اور نہ مجهكو نماز پڑهني آتي هي اور تم تو دن رات مين دوهي مرتبہ كهانا كهاتي هو مين نهين معلوم كتني دفعہ كهاتي هون - مجهپر اللهمیان ضرور خفا هوے هونگے

يہ كهكر پهر حميده روئي اور ڈر كے مارے دوڑكر مجهسے لپٹ گئي اور پهر مين نے سمجهايا كہ حميده ڈرو مت اللهمیان تمسے ناخوش نهين هين ابهي تم بچي هو تمكو نماز معاف هي

حميده - كهانا تو مجهكو بهي سب كے برابر بلكہ سب سے اچها اور زياده ملتا هي

مین - هان ملتا هي اور يہ بهي خدا كي مهرباني هي كہ تمكو كام معاف كرركها هي

حميده - پهر اللهمیان مجهكو كيون كهانا ديتے هين

مین - اسواسطے كہ جب بڑي هوجاؤ تو اسكے بدلے كا بهت سا كام كرو

حميده - ليكن كيا مين اب كام نهين كرسكتي ديكهو تمكو پان بنا ديتي هون ابّا جان كو پاني پلا ديتي هون ننهي بوا كو بهلاليتي هون - كيون امّا جان كرتي هون نہ

مین - هان بوا هان تم تو ميرے بهت كام كرتي هو پنكها جهل ديتي هو [18] دهاگا بت ديتي هو سوئي مين دهاگا پرو ديتي هو جو چيز مجهكو دركار هوتي هي لے آتي هو

حميده - تو كيا مين اللهمیان كا كوئي چهوٹا سا كام بهي نهين كرسكتي - كيا نماز پڑهنا بڑا مشكل كام هي مين تو ديكهتي هون

---

[18] *Dhâgâ bat-dete ho sû'î men dhâgâ piro-dete ho,* 'You wind my cotton and thread my needle.'

ابّا جان ہاتھہ منھہ دھوکر ہاتھہ باندھے کھڑے رہتے ہین کیا اتنا مجھسے نہین ہوسکتا

مین ۔ اسکے سوا ے کچھہ پڑھنا بھي ہوتا ہي جسکو تم کہتي تھین کہ چپکے چپکے باتین کرتے جاتے ہین

حمیدہ ۔ وہ کیا باتین ہین

مین ۔ خدا کي تعریف اور اسکے احسانون کا شکریہ اپنے گناہون کا اقرار اور انکي معافي کي درخواست اسکے رحم کي تمنا اسکے فضل کي آرزو بس یہي نماز ہي

حمیدہ ۔ یہہ سب باتین اسي طرح نہ [19] کرتے ہونگے جیسے ہم لوگ آپسمین گفتگو کرتے ہین

مین ۔ اور کیا

حمیدہ ۔ مگر ابّا جان تو کچھہ اور ہي طرح کي بولي بولنے لگتے ہین

مین ۔ وہ عربي زبان ہي

حمیدہ ۔ وہ تو میري سمجھہ مین نہین آتي اما جان تم جانتي ہو

مین ۔ نہین مین بھي نہین جانتي

حمیدہ ۔ [20] تو کیا خدا سے عربي ہي زبان مین باتین کرني ہوتي ہین

(Dowson) as a correct translation of this phrase, under the idea that it conveys a wrong impression of the construction; but see the example at Ch. VII. 67 below, where this form of rendering is the only possible. Kellogg (§ 595) is right in suggesting that the verbal noun is here used "adjectively." In fact, as Holroyd, *Tashîlu-l-Kalâm*, p. 94, had already pointed out, *roti pakânî*, 'bread-cooking,' is

[19] *Karte honge.* For the tense, see Ch. II. 10.

[20] *To kyâ Khudâ se 'Arabî hî zabân men bâten karnî hotî hain*, 'Is, then, God addressed in the Arabic language only?'

Note that the verbal noun infinitive *karnî* agrees in gender and *number* with the associated substantive, and compare the *bâten banânîn* of the *Bâg-o-Bahâr*. Platts (§ 415) is unwilling to admit 'speech-making'

مین ۔ نہین وہ سب کي بولي سمجھتا ھي بلکہ وہ دلون کے ارادون اور طبیعتون کے منصوبون سے واقف ھي

حمیدہ ۔ یہہ کیونکر

مین ۔ اسواسطے کہ وہ ھر وقت ھر جگہہ موجود ھي کوئي چیز کوئي بات اس سے مخفي نہین سبکو دیکھتا ھي [21] سبکي سنتا ھي اگلے پچھلے کل حالات اسکو معلوم ھین

حمیدہ ۔ کیا اللہمیان یہان ھمارے گھر مین بیٹھے ھین

مین ۔ گھر مین کیا ھمارے پاس بیٹھے ھین مگر ھم انکو دیکھہ نہین سکتے ۔ یہہ سنکر حمیدہ نے جلدي سے اوڑھني اوڑھہ لي اور سنبھلکر مودب ھوبیٹھي اور مجھسے بھي آھستہ سے کہا اماجان سر ڈھك لو ۔ اسکے بعد حمیدہ پر کچھہ ایسي ھیبت غالب آئي کہ میري گود مین تھوڑي دیر تك چپ پڑي رھي آخر آنکھہ لگي سوگئي میري ٹانگین سن ھونے لگین تو مین نے آھستہ سے چارپائي پر لٹاکر بیدارا کو پاس بٹھادیا کہ دیکھہ ھاتھہ رکھے رھیو ایسا نہو لڑکي سوتے سوتے ڈرکر چونك پڑے اور مین یہان چلي آئي ۔ مجھکو حمیدہ کي باتون سے ایسا ڈر لگا کہ اندر سے کلیجہ تھرتھر کاپنا جاتا تھا

نصوح ۔ کیون ڈر کي اسمین کیا بات تھي

فہمیدہ ۔ مین کہتي تھي کہ ایسي چھوٹي سي لڑکي اور ایسي باتین ۔ [22] کچھہ اسکو ھو تو نہین گیا

---

me,' just as *mujhko gussa hai* mean 'anger is to me,' that is, 'I am angry.'

[21] *Sab kî suntâ hai.* There is an ellipsis here of *bâten*, as is often the case with this verb.

[22] *Kuchh usko ho to nahîn gayâ*, 'Has not something happened to her?' A euphemism. The mother suggests that her daughter is possessed.

equivalent to *roṭî kâ pakânâ*, 'cooking of bread,' of which *roṭî pakânâ* is merely an abbreviation. The foreign terms "gerund" and "gerundive," on which Platts, *loc. cit.*, lays so much stress, are not wanted. *Mujhko jânâ hai* may, perhaps, bear the sense of *mihi eundum est*, but this is no reason for calling *jânâ* a "gerund." The words mean 'going is to

نصوح ۔ مذهب مین بڑي خوبي اور عمدگي تو یهي هي کہ وہ ایسي باتون کي تعلیم کرتا هي جنکو هر شخص سمجهہ سکتا هي مسائل دیني آدمیون کے بنائے هوے معمّے اور لوگون کي گڑهي هوئي پهیلیان نهین هین کہ انکے حل کرنے اور بوجهنے کو بڑا غور و خوض درکار هو بلکہ اس حکیم برحق کے باندهے هوے اصول اور تهیرائے هوے ضابطے هین اور اصول بهي کیسے سلیس اور آسان ضابطے سهل اور بدیهي ۔ نهین معلوم انسان کي عقل پر کیا پتهر پڑگئے هین کہ اتني موٹي بات اسکي سمجهہ مین نهین آتي کہ زمین آسمان چاند سورج ستارے انواع و اقسام کے حیوانات رنگ برنگ کے نباتات ساري دنیا تمام زمانہ اتنا بڑا کارخانہ [23] جسمین کا ایک پتّا اُٹهاکر دیکهو تو هزار صنعتون سے بهرا هوا هي [24] آخر خود بخود تو نهین هوگیا ضرور کوئي اسکا بنانے والا هي اور پهر اسنے جو انسان کو ایک خاص صفت عقل عطاکي هي کچهہ تو اس تخصیص کا مطلب هي ۔ مگر هي کیا کہ انسان اس قصور کو اپنے ذهن مین آنے هي نهین دیتا ورنہ [25] ساري خدائي خدا کي گواهي دے رهي هي

[26] برگ درختان سبز در نظر هوشیار هر ورقے دفتریست معرفت کردگار

حمیدہ نے کوئي بات اچنبهے کي نهین کهي اچنبهے کي بات تو یہ هي کہ هم مین نادان بچون کي برابر بهي عقل نهین ۔ ڈوب مرنے

---

[23] *Jismen kâ ek pattâ.* The terseness of the genitive construction is remarkable. 'A leaf out of the contents of which' conveys the meaning. Illustrative examples of this construction are given in Pincott's *Manual*, p. 91.

[24] *Âkhir khûd-ba-khûd to nahîn ho-gayâ*, 'After all it did not come into existence of its own accord.'

[25] *Sârî khudâ'î*, 'all creation.' See Ch. X. 111.

[26] A couplet of Sa'dî. Translate: 'To the enlightened eye every leaf of the green trees is a page in the volume of the Creator's knowledge.' See Ch. XII. 74, for an anecdote connected with this distich.

کي جگهہ هي زمين مين گڑجانے کا مقام هي ـ بلکہ حميده کي باتون کو مين ايك فال نيك اپني کاميابي کي سمجهتا هون افسوس هي تم اسکو ميرے پاس نہ لے آئين اسکي هر هر بات لوح دل پر کنده‌کرنے کے لائق هي اور يهہ باتين اسنے کيا کهين خدانے اسکے منهہ سے [27]کهلوائين بيٹي کيا هي سچ پوچهو تو همارے لئے هدايت کا فرشتہ هي ـ اور بچے جو معصوم کهلاتے هين اسي سبب سے کہ انکے دل لوث دنيا سے پاك اور تيرگي گناه سے صاف هوتے هين الحمدلله کہ ايك سے تو اطمينان هوا ـ اب يهہ بتاو کہ اورون کيواسطے کيا انتظام کرنا هوگا

فهميده ـ تم هي کوئي تجويز سوچو

نصوح ـ مين نے تو يهہ سوچا هي کہ لڑکيون کو تم سنبهالو اور لڑکون کو مين [28]سمجهالونگا

فهميده ـ بهلا مين بهي تو سمجهون کيونکر سمجهالوگے کہ وهي تدبير مين بهي کرون

نصوح ـ مين پهلے چهوٹون سے شروع کرونگا اميد هي کہ جلد راه پر آجائين بڑون کا مجهکو بڑا کهٹکا هي ـ يهہ تو مين خوب جانتا هون کہ يهہ نيا ڈهنگ ديکهکر انکے کان کهڑے هونگے [29]مگر نهين معلوم کس سے کيا معاملہ پيش آئے تم اتنا کرو کہ ايك تو ميرا تمهارا دونون کا کام ايك ساتهہ شروع هو ـ جب اندر باهر دونون جگهہ ايك هي بات کا چرچا هوگا تو کوئي يهہ نہ کهہ سکيگا کہ ديکهو خاص کر

---

[27] *Kahlwâ'în*, &c., 'has caused the things which she has said to be told us by her mouth.'

[28] *Samjhâ-lûngâ*, 'I will find a way of making them understand.' In her reply the wife seizes on this expression to ask in what *particular* way he would go to work. See Ch. II. 37.

[29] *Magar nahîn ma'lûm kis se kyâ mu'âmala pesh â'e*, &c. 'But whatever the job is, or whichever of them we have to deal with, do you take care so to act, that, in the first place,' &c. *Nahîn ma'lûm* corresponds almost exactly to the use of the Latin *nescio* in combination with a relative.

ہمارے پیچھے پڑے ہین [30] اولاد اولاد سب برابر انسے کچھ تعرض نہین
کرتے ـ دوسرے یہہ کہ تمھاري هر ادا سے یہہ بات پیدا هو کہ اس معاملے
مین هم دونون کو ایك اهتمام خاص هي کیونکہ ذرا سا ضعف بهي
ظاهر هوگا تو تمامتر انتظام درهم و برهم هوجائیگا

فہمیدہ ـ انشاءالله اسکے خلاف نہوگا

---

[30] *Aulâd aulâd sab barâbar unse kuchh ta'arruz nahîn karte.* The elliptical nature of colloquial Hindustânî accounts for the apparent obscurity of this clause. Translate: 'Children all stand upon the same footing, (and yet) they interfere (with these and) not with those.'